اُردو نثر کی داستان

قسط ۱۱

ہر ماہ کی یکم تاریخ کو

مرزا اسد اللہ خان غالبؔ کے منتخب خطوط،
جنگِ آزادی کے بارے میں اُن کا رویّہ،
اُن کی فارسی اور اُردو نثر کا انتخاب،
تقریظیں، دیباچے اور اُن کے عہد کی
مکمّل تصویر۔

مؤلف:

اے حمید

۱۱
روشن کتابیں

مطبوعات شیخ غلام علی، اَدبی مارکیٹ، چوک انار کلی، لاہور

اُردو ادب کے شائقین کے لیے روشن کتابوں کی ایک
خصوصی پیشکش

اُردو نثر کی داستان

قسط ۱۱

غالب کے منتخب خطوط، جنگِ آزادی کے بارے میں اُن کا
رویّہ، اُن کی فارسی اور اُردو نثر کا انتخاب، تقریظیں اور دیباچے

مؤلف
اے حمید

۱۱
روشن کتابیں

مطبوعات شیخ غلام علی
ادبی مارکیٹ، چوک انارکلی، لاہور

دُنیا کی ہر قومی اور علاقائی
زبان کی روشن کتابوں کا انتخاب

نگران : شیخ نیاز احمد
مُدیر مسئول : ارشد نیاز
مُدیر : رب نواز ملک

مجلسِ مشاورت :
اے حمید ۔ ایم ۔ ایس ناز
محمد حنیف شاہد ۔ عینکاف خالد

آرٹ : سلیم اختر

طابع : شیخ نیاز احمد
مطبع : غلام علی پبلشرز، لاہور

ادارہ :
مطبوعات شیخ غلام علی
ادبی مارکیٹ، چوک انارکلی، لاہور
فون نمبر :
۵۴۹۰۸ ۹۱۸۵۹ ۳۱۳۰۲۰

تار :
کتاب مین (KITABMAN) لاہور

غالب کے خطوط

اُردو نثر کی داستان کی زیرِ نظر قسط میں مرزا اسد اللہ خان غالب کے منتخب خطوط، جنگِ آزادی کے بارے میں اُن کا رویّہ، اُن کی فارسی اور اُردو نثر کا انتخاب، تقریظیں، دیباچے اور اُن کے عہد کی مکمل تصویر پیش کی جا رہی ہے۔ غالب کے خطوط کے سلسلے میں مؤلف نے کتاب کے آغاز ہی میں اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ ۱۸۵۰ء تک غالب فارسی زبان میں خط و کتابت کرتے رہے اور اس کے بعد جب وہ تاریخ نویسی کی خدمت پر مامور کیے گئے اور 'مہرِ نیم رُوز' پر کام شروع کیا تو اس عرصہ میں انہیں ضرورت کے تحت اُردو میں خط و کتابت کرنا پڑی۔

مرزا غالب کی اُردو خط و کتابت کا انداز سب سے جُدا اور منفرد ہے۔ غالب سے پہلے اُردو خط و کتابت میں کسی نے بھی ایسا رنگ اختیار نہیں کیا اور نہ ہی اُن کے بعد کوئی اس کی پُوری نقل یا تقلید کر سکا ہے۔ اُنہوں نے اپنے مدّعا کو بیان کرنے کا ایسا دل نشیں طریق اختیار کیا جیسے دو شخص آپس میں بیٹھے گفتگو کر رہے ہوں۔

غالب کے خطوط پر سیر حاصل بحث کرنے کے بعد مؤلف نے جنگِ آزادی کے بارے میں اُن کے رویّے کا جائزہ لیا ہے اور اِس کے ساتھ ہی ساتھ اُن کی فارسی شاعری پر بھی عمومی نظر ڈالی ہے۔

قارئین! اِس وقت آپ 'اُردو نثر کی داستان' کی قسط ۱۱ کا مطالعہ کریں گے۔ ہم آپ کو یاد دِلا دیں کہ یہ قسط وار اَدبی سلسلہ پندرہ اقساط میں مکمل ہو جائے گا اور یوں ہمارا آپ سے کیا ہُوا وہ وعدہ پُورا ہو جائے گا جو ہم نے اِس اَدبی سلسلے کے آغاز میں آپ سے کیا تھا۔ اُردو اَدب کے طلبا کے لیے یہ اَدبی دستاویز گنجِ گراں مایہ سے کم نہیں۔

'اُردو نثر کی داستان' کے ہمراہ آج ہم ایک اہم کتاب آپ کی نذر کر رہے ہیں۔ گذشتہ دنوں امریکہ کے جاسوسی ادارے 'سی آئی اے' کے بارے میں بہت سی باتیں سُننے میں آئی تھیں۔ "سی آئی اے اور جاسوسی کا جال" حیرت انگیز اور سنسنی خیز انکشافات پر مبنی ایک ایسی کتاب ہے جو 'سی آئی اے' کے طریقِ کار اور حربوں سے ڈرامائی انداز میں رُوشناس کراتی ہے۔

ہمارے روشن دماغ ادیب جناب سیف الدین حسام نے بڑی خوبصورتی کے ساتھ اِس کتاب کو اُردو کا جامہ پہنایا ہے۔

نیاز احمد

غالب خطوط اور نثر کے آئینے میں

مرزا غالب کی نثر

غالب کی اردو نثر اردو ادب میں اپنا ایک منفرد مقام رکھتی ہے۔ یہ نثر زیادہ تر خطوط، رقعہ جات، چند ایک تقریظوں، کچھ دیباچوں، تین مختصر رسالوں جو برہان قاطع کے جواب میں لکھے گئے پر مشتمل ہے۔ بقول مولانا حالی اس کے علاوہ چند اجزا ایک نا تمام قصّے کے بھی ہیں۔ جو مرزا غالب نے مرنے سے چند روز پہلے لکھنا شروع کیا تھا۔ ان میں سب سے زیادہ لطف انگیز اور دلچسپ ان کے خطوط ہیں۔ خطوط زیادہ تر اردوئے معلیٰ میں اور کچھ عود ہندی میں جمع کر کے چھپوائے گئے۔ بہت سے خطوط ان دونوں کتابوں کی اشاعت کے بعد دستیاب ہوئے۔

مرزا غالب ۱۸۵۰ء تک ہمیشہ فارسی زبان میں خط و کتابت کرتے رہے۔ لیکن اس سال یعنی ۱۸۵۰ء میں وہ "تاریخ نویسی کی خدمت پر مامور کیے گئے" اور "مہر نیمروز" پر کام شروع کیا۔ اس عرصہ میں انہیں ضرورت کے وقت اردو میں خط و کتابت کرنی پڑتی تھی۔ اسی سال میں انہوں نے سب سے پہلے اردو زبان میں خط لکھنا شروع کیا چنانچہ ایک خط میں خود لکھتے ہیں۔

"زبان فارسی میں خطوں کا لکھنا پہلے سے متروک ہے۔ پیرانہ سری اور ضعف کے صدموں سے جگر کاوی کی قوت مجھ میں نہیں رہی۔ حرارت عزیزی کو زوال ہے اور یہ حال ہے کہ ؎

مضمحل ہو گئے قویٰ غالب
اب عناصر میں اعتدال کہاں"

حالی لکھتے ہیں کہ غالب نے شروع شروع میں اردو زبان میں تحریر اختیار کرنے کو اپنی شان کے خلاف سمجھا ہو گا۔ لیکن کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ انسان جس کام کو اپنے لیے حقیر خیال کرتا ہے اور اسے اپناتے ہوئے ہچکچاتا ہے۔ وہی اس کی شہرت اور قبولیت کا باعث ہو جاتا ہے۔ یہاں تک دیکھا جاتا ہے غالب کی عام شہرت ہندوستان میں جس قدر ان کی اردو نثر کی اشاعت سے ہوئی ہے ویسی نظم فارسی سے نہیں ہوئی۔ اگرچہ لوگ عموماً غالب کو فارسی کا بہت بڑا شاعر جانتے تھے اور ان کے اردو دیوان کو بھی ایک عالی رتبہ کلام سمجھتے تھے۔ غالب خود اپنے ایک مرتبہ دان اور پایہ شناس دوست کو لکھتے ہیں۔

"میرے فارسی قصیدے کو جن پر مجھ کو ناز ہے، کوئی ان کا لطف نہیں اٹھاتا مگر بہ طریق اذعان کہ یہ شخص فارسی خوب کہتا ہے۔ داد سخن کہاں اور ادراک پایۂ معنی کہاں؟ مہر نیمروز یعنی تاریخ تیمریہ کے پانچ سات جزو تو کر آپ کے پاس بھیجے ہیں۔ میری خاطر نہ کیجیے۔ انصاف سے کہیے کہ یہ نثر کہیں اور ہے؟ اور پھر اس نثر کا کوئی مشتاق نہ ہو؟"

غالب کے خطوط

مرزا غالب کی اردو خط و کتابت کا انداز سب سے الگ اور منفرد ہے۔ بقول الطاف حسین حالی "نہ مرزا غالب سے پہلے کسی نے خط و کتابت میں یہ رنگ اختیار کیا اور نہ ان کے بعد کسی سے اس کی پوری پوری نقل یا تقلید ہو سکی۔ انہوں نے القاب اور آداب کا پرانا اور فرسودہ طریقہ اور بہت سی باتیں جن کو خط لکھنے والوں نے نامہ نگاری میں لازم قرار دے رکھا تھا، بالکل ختم کر دیا۔ وہ خط کا کبھی میاں، کبھی برخوردار کبھی بھائی صاحب کبھی مہاراج اور کبھی کسی اور مناسب لفظ سے آغاز کرتے ہیں۔ اس کے بعد مطلب لکھتے ہیں اور اکثر بعینہٖ اس قسم کے الفاظ کے سہرے سے مدعا لکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ اپنے مطلب کو ادا کرنے کا ایسا دلنشیں طریقہ ہے کہ یوں لگتا ہے جیسے دو شخص آپس میں گفتگو کر رہے ہیں۔ مثلاً ان کو یہ لکھنا تھا کہ "محمد علی بیگ میرے کوٹھے کے نیچے سے گذرا۔ میں نے پوچھا۔ لوہارو کی سواریاں روانہ ہو گئیں؟ اس نے کہا۔ ابھی نہیں ہوئیں۔ میں نے پوچھا کیا آج نہ جائیں گی؟ اس نے کہا۔ آج ضرور جائیں گی۔ تیاری ہو رہی تھی۔ چنانچہ اس مطلب کو غالب نے اپنے خط میں یوں ادا کیا۔

"محمد علی بیگ ادھر سے نکلا۔ بھئی محمد علی بیگ لوہارو کی سواریاں روانہ ہو گئیں؟ حضرت ابھی نہیں۔ کیا آج نہ جائیں گی؟ آج ضرور جائیں گی۔ تیاری ہو رہی ہے۔"

میر مہدی مجروح کو خط لکھا۔ غالب کو اس خط میں یہ لکھنا ہے کہ میرن صاحب آئے اور ان سے یہ باتیں ہوئیں۔ مگر وہ اس طرح نہیں لکھتے بلکہ اس کو اس طرح شروع کرتے ہیں

"اے میرن صاحب السلام علیکم حضرت آداب کہو آج اجازت ہے میر مہدی کے خط کا جواب لکھنے کی؟ حضور میں کیا منع کرتا ہوں۔ مگر میں اپنے خط میں آپ کی طرف سے دعا لکھ دیتا ہوں۔ پھر آپ کیوں تکلیف کریں۔ نہیں میرن صاحب اس خط کو آئے بہت دن ہوئے ہیں۔ وہ خفا ہوا ہوگا۔ جواب لکھنا ضرور ہے۔ حضرت وہ آپ کے فرزند ہیں۔ آپ سے خفا کیوں ہوں گے۔ بھائی آخر کوئی وجہ تو بتلاؤ کہ تم مجھے خط لکھنے سے کیوں باز رکھتے ہو؟ سبحان اللہ! اے لو حضرت آپ تو خط نہیں لکھتے اور مجھ سے فرماتے ہیں کہ باز رکھتا ہے۔ اچھا تم باز نہیں رکھتے مگر تم یہ کہو کہ تم کیوں نہیں چاہتے کہ میں میر مہدی کو خط لکھوں۔ کیا عرض کروں؟ سچ تو یہ ہے کہ جب آپ کا خط جاتا اور وہ پڑھا جاتا تو میں سنتا اور حظ اٹھاتا تھا۔ اب جو وہاں نہیں ہوں تو نہیں چاہتا کہ آپ کا خط جاوے۔ میں اب پنج شنبہ کو روانہ ہوتا ہوں۔ میری روانگی کے تین دن بعد آپ خط شوق سے لکھیے گا۔ میاں بیٹھو، ہوش کی خبر لو، تمہارے جانے نہ جانے سے مجھے کیا علاقہ؟ میں بوڑھا آدمی، بھولا آدمی، تمہاری باتوں میں آگیا اور آج تک اسے خط نہیں لکھا۔ لاحول ولا قوۃ۔"

اس کے بعد میر مہدی سے مخاطب ہو کے اصل خط لکھتے ہیں۔ بعض جگہ مکتوب الیہ کو خطاب کرتے کرتے اس کو غائب فرض کر لیتے ہیں، یہاں تک کہ جو لوگ مرزا کے انداز بیان سے واقف نہیں۔ وہ اس کو مکتوب الیہ کا غیر سمجھتے۔ مثلاً میر مہدی کو لکھتے ہیں۔

"میر مہدی! جیتے رہو۔ آفریں، صد ہزار آفریں۔ اردو عبارت لکھنے کا اچھا ڈھنگ پیدا کیا ہے کہ مجھ کو رشک آنے لگا ہے۔ سنو دلّی کی تمام مال و متاع و زر و گوہر کی لوٹ پنجاب کے احاطے میں کی گئی ہے۔ یہ طرز عبارت خاص میری دولت تھی۔ سو ایک ظالم پانی پت انصاریوں کے محلے کا رہنے والا لوٹ لے گیا۔ مگر میں نے اس کو بحل کیا اللہ برکت دے گا؟"

ظاہر ہے کہ اس عبارت میں ایک ظالم سے مراد خود میر مہدی مجروح ہیں۔ کیونکہ غدر کے بعد وہ پانی پت کے محلہ مذکور میں کئی سال مقیم رہے تھے۔ جو لوگ مرزا کی اٹکھیلی چالوں سے ناواقف ہیں وہ غلطی سے اس کے دوسرے معنی سمجھ لیتے ہیں۔ اکثر لوگوں کو اس خیال سے کہ چونکہ الطاف حسین حالی بھی پانی پت انصاری محلے کا رہنے والا ہے۔ ان الفاظ سے دھوکہ ہوا ہے کہ مرزا صاحب نے میری نسبت لکھا ہے اور لطف یہ ہے کہ میں نے جس قدر ان کو سمجھایا کہ یہ خود میر مہدی مجروح ہی کی نسبت

لکھا ہے میری نسبت نہیں لکھا اسی قدر ان کو اس بات کا خیال زیادہ ہوا کہ میں از راہِ کسرِ نفسی کے ایسا کہتا ہوں۔

اندازِ تخاطب

یورپی انداز میں جو کہانیاں لکھی جاتی ہیں ان میں اکثر اس قسم کے سوال و جواب ہوتے ہیں جیسے کہ مرزا کی تحریروں میں ہم اوپر دکھا چکے ہیں۔ مگر وہاں ہر سوال و جواب کے سرے پر سائل اور مجیب کا نام یا ان کے ناموں کی کوئی علامت لکھ دی جاتی ہے۔ ورنہ یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ سوال کہاں ختم ہوا؟ اور جواب کہاں سے شروع ہوا؟ مرزا ایسے موقع پر سائل و مجیب کا نام نہیں لیتے، اور نہ ان کے نام کی علامت لکھتے ہیں۔ مگر سوال و جواب کے ضمن میں ایک ایسا لفظ لے آتے ہیں جس سے صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ سوال کیا ہے اور جواب کیا ہے؟ شاید قصے یا ناول میں یہ بات نہ چل سکے مگر خطوط میں تو مرزا نے یہ راہ بالکل صاف کر دی ہے۔

شوخیِ تحریر دیکھا

مرزا کی طرزِ تحریر کی جو خصوصیتیں اوپر مذکور ہوئیں۔ یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ اور لوگ اس کی پیروی نہ کر سکیں مگر وہ شے جس نے ان کے مکاتیب کو ناول اور ڈراما سے زیادہ دلچسپ بنا دیا ہے، وہ شوخیِ تحریر ہے۔ جو اکتساب یا مشق و مہارت یا پیروی و تقلید سے حاصل نہیں ہو سکتی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ بعض لوگوں نے خط کتابت میں مرزا کی روش پر چلنے کا ارادہ کیا اور اپنے مکاتبات کی بنیاد بذلہ سنجی و ظرافت پر رکھنی چاہی ہے۔ مگر ان کی اور مرزا کی تحریر میں وہی فرق پایا جاتا ہے جو اصل اور نقل یا روپ اور بہروپ میں ہوتا ہے۔ مرزا کی طبیعت میں شوخی ایسی بھری ہوئی تھی جیسے ستار کے تار میں سُر بھرے ہوئے ہوتے ہیں اور قوتِ خیال جو شاعری اور ظرافت کی خلاق ہے اس کو مرزا کے دماغ کے ساتھ وہی نسبت تھی جو قوتِ پرواز کو طائر کے ساتھ اگرچہ مرزا کے بعد نثر اردو میں بے انتہا وسعت اور ترقی ہوئی ہے۔ علمی، اخلاقی، سیاسی، دینی اور معاشرتی مضامین کے لوگوں نے دریا بہا دیئے ہیں۔ سوانح عمری اور ناول میں بھی متعدد کتابیں نہایت ممتاز لکھی گئی ہیں۔ باوجود اس کے مرزا کی تحریر خط و کتابت کے محدود دائرے میں بہ لحاظِ دلچسپی اور لطفِ بیان کے آج بھی اپنا ثانی اور اپنی نظیر نہیں رکھتی۔

مرزا خط لکھتے وقت ہمیشہ اس بات کو نصب العین رکھتے تھے کہ خط میں کوئی ایسی بات لکھی جائے کہ مکتوب الیہ اس کو پڑھ کر محظوظ اور خوش ہو۔ پھر جس درجے کا مکتوب الیہ ہوتا تھا اس کی سمجھ اور مذاق کے مطابق اور موافق خط میں شوخیاں کرتے تھے مثلاً اپنے ایک دوست کو خط لکھا ہے۔ اس میں ان کی لڑکی کو جو بچپن میں مرزا کے سامنے آتی تھی اور اب جوان ہو گئی ہے، بعد دعا لکھتے ہیں۔

"کیوں بھئی اب ہم اگر کول آتے بھی تو تم کو کیونکر دیکھیں گے۔ کیا تمہارے ملک میں بھتیجیاں چچوں سے پردہ کرتی ہیں؟"

یا مثلاً نواب امیر الدین احمد خاں کو ان کے بچپن کے زمانے میں، ان کے رقعے کا جواب جس میں مرزا کو دادا صاحب لکھا تھا۔ اس طرح لکھتے ہیں — "اے مردمِ چشمِ جہاں بین غالب! پہلے القاب کے معنی سمجھ لو۔ یعنی چشمِ جہاں بین غالب کی پتلی، چشمِ جہاں بین تمہارا باپ مرزا علاؤالدین احمد خاں بہادر اور پتلی تم۔ میاں تمہارے دادا تو نواب امین الدین خان بہادر ہیں میں تو صرف تمہارا دل دادا ہوں۔

ایک دوست کو دسمبر ۱۸۵۸ء کی اخیر تاریخوں میں خط لکھا ہے۔ انہوں نے اس کا جواب جنوری ۱۸۵۹ء کی پہلی یا دوسری کو لکھ بھیجا اس کے جواب میں اس طرح ان کو لکھتے ہیں۔

"دیکھو صاحب یہ باتیں ہم کو پسند نہیں، ۱۸۵۸ء کے خط کے جواب ۱۸۵۹ء میں بھیجتے ہو۔ اور مزا یہ کہ جب تم سے کہا جائے گا تو یہ کہو گے کہ میں نے دوسرے ہی دن جواب لکھا ہے۔"

ایک دوست کو رمضان میں خط لکھا۔ اس میں لکھتے ہیں۔ "دھوپ بہت تیز ہے روزہ رکھتا ہوں۔ مگر روزے کو بہلاتا رہتا ہوں۔ کبھی پانی پی لیا، کبھی حقہ پی لیا، کبھی کوئی ٹکڑا روٹی کا بھی کھا لیا۔ یہاں کے لوگ عجیب فہم رکھتے ہیں۔ میں تو روزہ بہلاتا ہوں اور یہ صاحب فرماتے ہیں کہ تو روزہ نہیں رکھتا۔ یہ نہیں سمجھتے کہ روزہ نہ رکھنا اور چیز ہے اور روزہ بہلانا اور بات ہے۔"

جس زمانے میں برہانِ قاطع پر اعتراض لکھے ہیں اور لوگوں نے مرزا کی سخت مخالفت اور مولفِ برہان کی حمایت کی ہے۔ ایک خط میں صاحبِ برہان کا ذکر کرنے کے بعد اس کی اور اس کے طرفداروں کی نسبت لکھتے ہیں۔ "ان فرہنگ لکھنے والوں کا مدار قیاس پر ہے جو اپنے نزدیک صحیح سمجھا وہ لکھ دیا۔ نظامی و سعدی کی لکھی ہوئی کوئی فرہنگ ہو تو ہم اس کو مانیں۔ ہندیوں کو کیونکر مسلم الثبوت جانیں۔ ایک گائے کا بچہ بزورِ سحر آدمی کی طرح کلام کرنے لگا۔ بنی اسرائیل اس کو خدا سمجھے۔"

ایک خط کے آخر میں جو نواب علاؤالدین خان کو لکھا ہے۔ لکھتے ہیں —

"استادِ جان کو اس راہ سے کہ میری پھوپھی ان کی بہن تھیں اور یہ مجھ سے عمر میں چھوٹے ہیں، دعا — اور اس رُو سے کہ دوست ہیں اور دوستی میں کمی بیشی سن و سال کی رعایت نہیں کرتے، سلام — اور اس سبب سے کہ استاد کہلاتے ہیں۔ بندگی — اور اس نظر سے کہ سید ہیں۔ درود — اور موافق مضمون اس مصرعے کے سوی اللہ واللہ مافی الوجود سجود۔"

ایک خط میں برسات کی شدت کا ذکر کرتے ہیں — لکھتے ہیں —

"دیوان خانے کا حال محل سرائے سے بدتر ہے۔ میں مرنے سے نہیں ڈرتا۔ فقدانِ راحت سے گھبرا گیا ہوں۔ چھت چھلنی ہو گئی ہے۔ ابر دو گھنٹے برسے تو چھت چار گھنٹے برستی ہے۔"

نواب علاؤالدین خان اور ان کے والد نواب امین الدین خاں میں کچھ شکر رنجی ہے باپ دلی آئے ہیں اور بیٹے کو لوہارو چھوڑ آئے ہیں۔ مرزا نواب علاؤالدین خاں کو خط لکھتے ہیں — "سنا گیا کہ نواب امین الدین خان صاحب نے اپنی کوٹھی میں نزول اجلال کیا۔ چار دن رہے۔ از راہِ مہربانی ناگاہ میرے ہاں تشریف لائے۔ میں نے نہیں پوچھا کہ وہ کیوں نہیں آئے۔ بھائی صاحب بولے کہ جب میں یہاں آیا تو کوئی وہاں بھی تو رہے۔ اس سے علاوہ وہ اپنے بیٹے کو بہت چاہتے ہیں۔ میں نے کہا اتنا ہی جتنا تم اس کو چاہتے ہو؟ ہنسنے لگے۔ غرض کہ میں نے بظاہر ان کو تم سے اچھا پایا۔ آگے تم لوگوں کے دلوں کا اللہ مالک ہے۔"

ایک دفعہ کثرتِ اخراجات سے تنگ آ کر بعض ضروری خرچ بند کر دیئے۔ یہاں تک کہ شراب پینی بھی چھوڑ دی۔ نواب علاؤالدین خان نے اپنے والد کے اشارے سے اس کا سبب دریافت کیا اور مولوی حمزہ خاں صاحب کی طرف سے بطور نصیحت کے مرزا صاحب کو یہ مصرع لکھا ہے

"چہ بےرشدی حافظ از میکدہ بیروں شو" اس کا جواب اس طرح لکھتے ہیں۔

و بھائی کو سلام کہنا اور کہنا کہ صاحب وہ زمانہ نہیں ہے کہ ادھر متھرا داس سے قرض لیا ادھر دربار مل کو جا مارا۔ ادھر خوب چند چین سکھ کی کوٹھی جا لوٹی، ہر ایک پاس تمسک مہری موجود۔ شہد لگاؤ اور چاٹو۔ نہ مول نہ سود۔ اس سے بڑھ کر یہ بات کہ روٹی کا خرچ بالکل پھوپھی کے سر، بایں ہمہ کبھی خان نے کچھ دے دیا کبھی الور سے کچھ دلوا دیا۔ کبھی ماں نے کچھ آگرے سے بھیج دیا۔ اب میں اور باسٹھ روپے آٹھ آنے کلکٹری کے سو روپے رامپور کے، قرض دینے والا ایک میرا مختار کار، وہ سود ماہ بماہ لیا چاہے۔ مول میں قسط اس کو دینی پڑے۔ انکم ٹیکس جدا، چوکیدار جدا، سود جدا، مول جدا، بی بی جدا، بچے جدا، شاگرد پیشہ جدا، آمد وہی ایک سو باسٹھ، تنگ آ گیا۔ گزارا مشکل ہو گیا۔ روزمرہ کا کام بند رہنے لگا۔ سوچا کیا کروں کہاں سے گنجائش نکالوں؟ قہر درویش بجان درویش۔ صبح کی تبرید متروک، چاشت کا گوشت آدھا رات کی شراب و گلاب موقوف، بیس بائیس روپے مہینا بچا۔ روزمرہ کا خرچ چلا۔ یاروں نے پوچھا تبرید و شراب کب تک نہ پیوگے۔ کہا گیا کہ جب تک وہ نہ پلائیں گے۔ پوچھا کہ نہ پیوگے تو کس طرح جیوگے؟ جواب دیا جس طرح وہ جلائیں گے۔ بارے مہینہ پورا نہیں گزرا تھا کہ رامپور سے علاوہ وجہ مقرری کے اور روپیہ آ گیا۔ قرض ادا ہو گیا۔ متفرق رہا، خیر رہے۔ صبح کی تبرید، رات کی شراب جاری ہو گئی۔ گوشت پورا آنے لگا۔ چونکہ بھائی نے وجہ موقوفی اور بحالی پوچھی تھی۔ ان کو یہ عبارت پڑھا دینا اور حمزہ خان کو بعد سلام کہنا۔

اے بجز ذلت شرب مدام! دیکھو ہم کو یوں پلاتے ہیں۔ اور یہ کے بنیوں کے لونڈوں کو پڑھا کر مولوی مشہور ہو۔ اور مسائل ابوحنیفہ کو دیکھنا اور مسائل حیض و نفاس میں غوطہ مارنا اور ہے۔ اور عرفا کے کلام و حقیقت حقہ وحدت وجود کو اپنے دلنشیں کرنا اور ہے مشرک وہ ہیں جو وجود کو واجب اور ممکن میں مشترک جانتے ہیں۔ مشرک وہ ہیں جو مسیلمہ کو نبوت میں خاتم المرسلین کا شریک گردانتے ہیں (نعوذ باللہ) مشرک وہ ہیں جو نومسلموں کو ابوالائمہ کا ہمسر مانتے ہیں۔ دوزخ ان لوگوں کے واسطے ہے۔ میں موحد خالص اور مومن کامل ہوں۔ زبان سے لا الہ الا اللہ کہتا ہوں اور دل میں لا موجود الا اللہ لا موثر فی الوجود الا اللہ سمجھا ہوا ہوں۔ انبیا سب واجب التعظیم اور اپنے اپنے وقت میں سب مفترض الطاعۃ تھے۔ محمد علیہ السلام پر نبوت ختم ہوئی یہ خاتم المرسلین اور رحمۃ للعالمین ہیں۔ مقطع نبوت کا مطلع امامت اور امامت نہ اجماعی بلکہ من اللہ ہے اور امام من اللہ علی علیہ السلام ہے۔ ثم حسنؑ ثم حسینؑ اسی طرح تا مہدی موعود علیہ السلام۔ بریں زیستم ہم بریں بگذرم۔ ہاں اتنی بات اور ہے کہ اباحت اور زندقہ کو مردود اور شراب کو حرام اور اپنے کو عاصی سمجھتا ہوں۔ اگر مجھ کو دوزخ میں ڈالیں تو میرا جلانا مقصود نہ ہوگا۔ بلکہ میں دوزخ کا ایندھن ہوں گا اور دوزخ کی آنچ تیز کروں گا تاکہ مشرکین و منکرین نبوت مصطفوی و امامت مرتضوی اس میں جلیں۔ —

سنو مولوی صاحب! تم نے کئی فاقوں میں ایک شعر حافظ کا حفظ کیا: "چل پیر شدی حافظ از میکدہ... الخ" اور پھر پڑھتے ہو اس کے سامنے کہ جس کی نظم کا دفتر حافظ کے دیوان سے دو چند سہ چند ہے۔ مجموعہ نثر جداگانہ، اور یہ بھی لحاظ نہیں کرتے کہ ایک شعر حافظ کا یہ ہے کہ ہزار شعر اس کے مخالف ہیں۔"

ایک خط میں تعلقات خانہ داری کی اس طرح شکایت کرتے ہیں۔ "سنو! عالم دو ہیں۔ ایک عالم ارواح اور ایک عالم آب و گل۔ حاکم ان دونوں عالموں کا وہ ایک ہے جو خود فرماتا ہے۔ "لمن الملک الیوم" اور پھر آپ ہی جواب دیتا ہے "للہ الواحد القہار" ہر چند قاعدہ عام یہ ہے کہ عالم آب و گل کے مجرم عالم ارواح میں سزا پاتے ہیں۔ لیکن یوں بھی ہوا ہے کہ عالم ارواح کے گنہگار کو دنیا میں بھیج کر سزا دیتے ہیں۔ چنانچہ میں آٹھویں رجب ۱۲۱۲ھ میں روبکاری کے واسطے یہاں بھیجا گیا (یعنی پیدا ہوا) تیرہ برس حوالات میں رہا۔ ساتویں رجب ۱۲۲۵ھ کو حکم حبس دوام (یعنی نکاح) صادر ہوا۔ ایک بیڑی میرے پیر میں ڈال دی اور دلی شہر کو زندان مقرر کیا۔ اور مجھے اس زندان میں ڈال دیا۔ فکر نظم و نثر کو مشقت ٹھہرایا۔ برسوں کے بعد میں جیل خانے سے بھاگا۔ تین برس بلاد شرقیہ میں پھرتا رہا۔ پایان کار مجھے کلکتہ سے پکڑ لائے اور پھر اسی حبس میں بٹھا دیا۔ جب دیکھا کہ یہ قیدی گریز پا ہے۔ دو ہتھکڑیاں اور بڑھا دیں۔ پاؤں بیڑی سے فگار، ہاتھ ہتھکڑیوں سے زخم دار، مشقت مقرری اور مشکل ہو گئی۔ طاقت یک قلم زائل ہو گئی۔ بے حیا ہوں سال گزشتہ بیڑی کو زاویہ زندان میں چھوڑ، مع دونوں ہتھکڑیوں کے بھاگا۔ میرٹھ، مراد آباد سے ہوتا ہوا رامپور پہنچا۔ کچھ دن کم دو مہینے وہاں رہا تھا کہ پھر پکڑ آیا۔ اب عہد کیا کہ پھر نہ بھاگوں گا۔ بھاگوں کیا۔ بھاگنے کی طاقت بھی تو نہیں رہی۔ حکم رہائی دیکھئے کب صادر ہو؟ ایک ضعیف سا احتمال ہے کہ ماہ ذی الحجہ میں چھوٹ جاؤں۔ بہر تقدیر بعد رہائی کے تو آدمی سوائے اپنے گھر کے اور کہیں نہیں جاتا۔ میں بعد نجات سیدھا عالم ارواح کو چلا جاؤں گا۔

ایک خط مرزا حاتم علی بیگ مہر کو ان کی محبوبہ چنا جان کی تعزیت میں لکھا ہے اس میں لکھتے ہیں۔ "آپ کا غم فزا نامہ پہنچا۔ یوسف علی خاں عزیز کو پڑھوا دیا۔ انہوں نے جو میرے سامنے اس مرحومہ کا اور آپ کا معاملہ بیان کیا۔ یعنی اس کی اطاعت اور تمہاری اس سے محبت، سخت ملال ہوا۔ سنو صاحب! شعرا میں فردوسی اور فقرا میں حسن بصری اور عشاق میں مجنوں۔ یہ تین آدمی تین فن میں سر دفتر اور پیشوا ہیں۔ شاعر کا کمال یہ ہے کہ فردوسی ہو جائے۔ فقیر کی انتہا یہ ہے کہ حسن بصری سے ٹکر کھائے۔ عاشق کی نمود یہ ہے کہ مجنوں کی ہم طرحی نصیب ہو۔ لیلیٰ اس کے سامنے مری تھی۔ تمہاری محبوبہ تمہارے سامنے مری بلکہ تم اس سے بڑھ کر ہوئے کہ لیلیٰ اپنے گھر میں اور تمہاری معشوقہ تمہارے گھر میں مری۔ بھئی مغل بچے بھی غضب ہوتے ہیں، جس پر مرتے ہیں اس کو مار رکھتے ہیں۔ میں بھی مغل بچہ ہوں۔ عمر بھر میں ایک ...... کو میں نے بھی مار رکھا ہے۔ خدا ان دونوں کو بخشے اور ہم تم دونوں کو بھی زخم مرگ دوست کھائے ہوئے ہیں، مغفرت کرے۔ چالیس بیالیس برس کا یہ واقعہ ہے باآنکہ یہ کوچہ چھٹ گیا۔ اس فن سے میں بیگانہ ہو گیا ہوں۔ لیکن جانتا ہوں کہ تمہارے دل پر کیا گزرتی ہوگی۔ صبر کرو اور ہنگامہ عشق مجازی چھوڑ دو۔"

ایک اور خط مرزا صاحب موصوف کو اسی چنا جان کی تعزیت میں اس طرح لکھا۔ مرزا صاحب! ہم کو یہ باتیں پسند نہیں پینسٹھ برس کی عمر ہے۔ پچاس برس عالم رنگ و بو کی سیر کی۔ ابتدائے شباب میں ایک مرشد کامل نے یہ نصیحت کی تھی کہ ہم کو زہد و ورع منظور نہیں۔ ہم مانع فسق و فجور نہیں۔ پیو، کھاؤ، مزے اڑاؤ۔ مگر یہ یاد رہے کہ مصری کی مکھی بنو، شہد کی مکھی نہ بنو، سو میرا اس نصیحت پر عمل رہا ہے۔ کسی کے مرنے کا وہ غم کرے جو آپ نہ مرے۔ کیسی اشک افشانی، کہاں کی مرثیہ خوانی۔ آزادی کا شکر بجا لاؤ۔ غم نہ کھاؤ اور اگر ایسے ہی اپنی گرفتاری سے خوش ہو تو چنا جان نہ سہی منا جان سہی۔ میں جب بہشت کا تصور کرتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ اگر مغفرت ہو گئی اور ایک قصر ملا اور ایک حور ملی، اقامت جاودانی ہے اور اسی ایک نیک بخت

کے ساتھ زندگانی ہے تو اس تصور سے جی گھبراتا ہے اور کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ ہے ہے وہ حور اجیرن ہو جائے گی۔ طبیعت کیوں نہ گھبرائے گی وہی زمردیں کاخ اور وہی طوبیٰ کی ایک شاخ۔ چشم بد دور وہی ایک حور۔ بھائی ہوش میں آؤ کہیں اور دل لگاؤ

زن نو کن اے دوست ہر نو بہار
کہ تقویم پارینہ ناید بکار

مرزا حاتم علی بیگ مہر نے اپنی تصویر مرزا کو بھیجی ہے۔ اس کی رسید اس طرح لکھتے ہیں۔ حلیہ مبارک نظر افروز ہوا...... تمہارا حلیہ دیکھ کر تمہارے کشیدہ قامت ہونے پر مجھ کو رشک نہ آیا۔ کس واسطے کہ میرا قد بھی درازی میں انگشت نما ہے۔ تمہارے گندمی رنگ پر رشک نہ آیا۔ کس واسطے کہ جب میں جیتا تھا تو میرا رنگ چمپئی تھا اور دیدہ ور لوگ اس کی ستائش کرتے تھے۔ اب جو کبھی مجھ کو وہ اپنا رنگ یاد آتا ہے تو چھاتی پر سانپ سا پھر جاتا ہے۔ ہاں مجھ کو رشک آیا اور میں نے خونِ جگر کھایا تو اس بات پر کہ داڑھی گھٹی ہوئی ہے۔ وہ مزے یاد آگئے۔ کیا کہوں جی پر کیا گذری بقول شیخ علی حزیں ؎

تا دسترسم بود زدم چاک گریباں
شرمندگی از خرقۂ پشمینہ ندارم

جب داڑھی مونچھ میں سفید بال آگئے، تیسرے دن چیونٹی کے انڈے گالوں پر نظر آنے لگے، اس سے بڑھ کر یہ ہوا کہ آگے کے دو دانت ٹوٹ گئے ناچار مسی بھی چھوڑ دی اور داڑھی بھی۔ مگر یاد رکھیے کہ اس بھونڈے شہر میں ایک وردی ہے عام، ملّا، حافظ، بساطی، نیچہ بند، دھوبی، سقّہ، بھٹیارہ، منہ پر داڑھی سر پر بال۔ فقیر نے جس دن داڑھی رکھی اس دن سر منڈایا۔ الغرض مرزا کے خطوط میں ایسے خط بہت کم نکلیں گے جن میں اس قسم کی ظرافت اور ہنسی کی باتیں درج نہ ہوں یہاں تک کہ رنج و افسردگی کا بیان بھی اس قسم کی چھیڑ سے خالی نہیں ہوتا۔

منشی نبی بخش مرحوم کو لکھتے ہیں: "بھائی صاحب! میں بھی تمہارا ہمدرد ہو گیا۔ یعنی منگل کے دن ۱۸، ربیع الاوّل کو شام کے وقت میری وہ پھوپھی کہ میں نے بچپن سے آج تک اس کو ماں سمجھا تھا اور وہ بھی مجھ کو بیٹا کہتی تھی مر گئی۔ آپ کو معلوم رہے کہ پرسوں گویا میرے نو آدمی مرے۔ تین پھوپھیاں اور تین چچا اور ایک باپ اور ایک دادی اور ایک دادا۔ یعنی اس مرحومہ کے ہونے سے میں جانتا تھا کہ یہ نو آدمی زندہ ہیں اور اس کے مرنے سے میں نے جانا کہ یہ نو آدمی آج ایک بار مر گئے۔"

ایک ایسی ہی افسردہ تحریر میں نواب امین الدین خان کو لکھتے ہیں: "آج تم دونوں بھائی اس خاندان میں شرف الدولہ اور فخر الدولہ کی جگہ ہو۔ مرزا قربان علی بیگ سالک کو خط میں لکھتے ہیں۔ یہاں خدا سے بھی توقع نہیں، مخلوق کا کیا ذکر۔ کچھ بن نہیں آتی۔ اپنا تماشائی بن گیا ہوں۔ رنج و ذلت سے خوش ہوتا ہوں، یعنی میں نے اپنے کو اپنا غیر تصور کر لیا ہے۔ جو دکھ مجھے پہنچتا ہے، کہتا ہوں کہ لو غالب کے ایک اور جوتی لگی۔ بہت اتراتا تھا کہ میں بڑا شاعر اور فارسی داں ہوں۔ آج دور دور تک میرا جواب نہیں۔ لے اب تو قرضداروں کو جواب دے۔ سچ تو یوں ہے کہ غالب کیا مرا بڑا ملحد مرا، بڑا کافر مرا۔ ہم نے ازراہ تعظیم جیسا بادشاہوں کو بعد ان کے جنت آرامگاہ عرش نشیمن خطاب دیتے ہیں، چونکہ یہ اپنے کو شاہ قلمرو سخن جانتا تھا۔ سقر مقر اور ہاویہ زاویہ خطاب تجویز کر رکھا ہے۔ اے نجم الدولہ بہادر! ایک قرضدار کا گریبان میں ہاتھ، ایک قرضدار بھوگ سنا رہا ہے میں ان سے پوچھ رہا ہوں۔

اجی حضرت نواب صاحب! کیسے اور فلاں صاحب! آپ سلجوقی اور افراسیابی ہیں، یہ کیا بے حرمتی ہو رہی ہے؟ کچھ تو اکو، کچھ تو بولو، بولے کیا بے حیا، بے عزت! کوٹھی سے شراب، گندھی سے گلاب، بزاز سے کپڑا، میوہ فروش سے آم، صراف سے دام، قرض لیے جاتا ہے۔ یہ بھی تو سوچا ہوتا کہاں سے دوں گا۔

فتح دہلی کے بعد جو شہر میں سناٹا ہو گیا ہے۔ اس کی کیفیت ایک خط میں منشی ہرگوپال تفتہ کو اس طرح لکھتے ہیں۔ صاحب تم جانتے ہو کہ یہ معاملہ کیا ہے اور کیا واقع ہوا؟ وہ ایک جنم تھا کہ جس میں ہم تم باہم دوست تھے اور طرح طرح کے ہم میں معاملات مہر و محبت درپیش آئے۔ شعر کہے، دیوان جمع کیے۔ اس زمانے میں ایک اور بزرگ تھے کہ وہ ہمارے اور تمہارے دوست تھے۔ اور منشی نبی بخش ان کا نام اور حقیر تخلص تھا۔ ناگاہ نہ وہ زمانہ رہا نہ وہ اشخاص، نہ وہ معاملات، نہ وہ اختلاط، نہ وہ انبساط بعد چند مدت کے پھر دوسرا جنم ہم کو ملا۔ اگرچہ صورت اس جنم کی بعینہ مثل پہلے جنم کے ہے۔ یعنی ایک خط میں نے منشی صاحب کو بھیجا۔ اس کا جواب مجھ کو آیا اور ایک خط تمہارا کہ تم بھی موسوم بہ منشی ہرگوپال و متخلص بہ تفتہ ہو آج آیا۔ اور میں جس شہر میں ہوں اس کا نام بھی دلی اور اس محلے کا نام بھی بلی ماروں کا محلہ ہے۔ لیکن ایک دوست اس جنم کے دوستوں میں سے نہیں پایا جاتا۔ واللہ ڈھونڈنے کو کوئی مسلمان اس شہر میں نہیں ملتا۔ کیا امیر، کیا غریب، کیا اہل حرفہ اگر کچھ ہیں تو باہر کے ہیں۔ ہنود البتہ کچھ کچھ آباد ہو گئے ہیں۔

ایک اور خط میں نواب علاؤ الدین خان کو لکھتے ہیں۔ "کل تمہارے خط میں دو بار یہ کلمہ مرقوم تھا کہ دلی بڑا شہر ہے۔ ہر قسم کے آدمی وہاں بہت ہوں گے۔ اے میری جان یہ وہ دلی نہیں ہے جس میں تم شعبان بیگ کی حویلی میں مجھ سے پڑھنے آتے تھے۔ وہ دلی نہیں ہے جس میں سات برس کی عمر سے آتا جاتا ہوں۔ وہ دلی نہیں جس میں اکیاون برس سے مقیم ہوں، ایک کیمپ ہے جس میں مسلمان اہل حرفہ یا حکام کے شاگرد پیشہ — باقی سراسر ہنود! بادشاہ کے ذکور، جو بقیۃ السیف ہیں وہ پانچ پانچ روپے مہینا پاتے ہیں........ امرائے اہل اسلام کی اموات گنو تو حسن علی خاں بہت بڑے باپ کا بیٹا سو روپے روز کا پنشن دار، سو روپے مہینے کا روزینہ دار بن کر نامراد مر گیا۔ میر ناصر الدین باپ کی طرف سے پیرزادہ نانا اور نانی کی طرف سے امیرزادہ مظلوم مارا گیا۔ آغا سلطان بخشی محمد علی خان کا بیٹا جو خود بھی بخشی ہو چکا ہے۔ بیمار پڑا۔ نہ دوا، نہ غذا، انجام کار مر گیا۔ تمہارے چچا کی سرکار سے تجہیز و تکفین ہوئی۔ احبا کو پوچھو تو ناظر حسین مرزا جس کا بڑا بھائی مقتولوں میں آیا۔ اس کے پاس ایک پیسہ نہیں ہے۔ ٹکے کی آمد نہیں۔ مکان اگرچہ رہنے کو مل گیا ہے مگر دیکھیے چھٹا رہے یا منضبط ہو جائے۔ بڑے صاحب ساری املاک بیچ کر نوش جان کر کے بیک بینی و دو گوش بھرت پور چلے گئے۔ ضیاء الدولہ کی پانچ سو روپے کرایہ کی املاک واگذاشت ہو کر پھر قرق ہو گئی۔ تباہ و خراب لاہور آگیا۔ وہاں پڑا ہوا ہے۔ دیکھیے کیا ہوتا ہے۔ قصہ کوتاہ قلعہ اور جھجر اور بہادر گڑھ اور بلبھ گڑھ اور فرخ نگر کم و بیش تیس لاکھ کی ریاستیں مٹ گئیں۔ شہر کی عمارتیں خاک میں مل گئیں۔ ہنرمند آدمی یہاں کہاں پایا جاتا ہے۔ جو حکما کا حال لکھا ہے وہ بیان واقع ہے صلحا و زہاد کے باب میں حرف مختصر میں نے لکھا ہے اس کو سچ جانو۔"

عبادت میں یاس اور آمد آشش

غالب کے بعض خطوں میں بقول مولانا حالی یاس حسرت و افسردگی اور دنیا کی

بے ثباتی و بے اعتباری کا بیان نہایت موثر طریقے میں کیا گیا ہے۔ جس میں ان کے خیالات معلوم ہوتے ہیں۔ مثلاً ایک خط میں لکھتے ہیں — "ناتوانی زور پر ہے، بڑھاپے نے نکما کر دیا ہے۔ ضعف، سستی، کاہلی، گراں جانی، رکاب میں پاؤں ہے، باگ پر ہاتھ ہے۔ بڑا سفر دور و دراز درپیش ہے۔ زاد راہ موجود نہیں۔ خالی ہاتھ جاتا ہوں۔ اگر ناپرسیدہ بخشدیا تو خیر اور اگر باز پرس ہوئی تو سقر مقر ہے، اور ہاویہ زاویہ ہے۔ دوزخ جاوید ہے، اور ہم ہیں۔ ہائے کسی کا کیا اچھا شعر ہے ؎

اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

ایک اور خط میں منشی ہرگوپال تفتہ کو لکھتے ہیں — "تم مشق سخن کر رہے ہو اور میں مشق فنا میں مستغرق ہوں۔ بوعلی سینا کے علم اور نظیری کے شعر کو ضائع و بے فائدہ اور موہوم جانتا ہوں۔ زیست بسر کرنے کو کچھ تھوڑی سی راحت درکار ہے۔ باقی حکمت اور سلطنت اور شاعری اور ساحری، سب خرافات ہے۔ ہندوؤں میں اگر کوئی اوتار ہوا تو کیا، اور مسلمانوں میں نبی بنا تو کیا، دنیا میں نام آور ہوئے تو کیا اور گمنام جیے تو کیا۔ کچھ معاش ہو، کچھ صحت جسمانی، باقی سب وہم ہے۔ اے یار جانی! ہر چند وہ بھی وہم ہے مگر میں ابھی اسی پائے پر ہوں۔ شاید آگے بڑھ کر یہ پردہ بھی اٹھ جائے، اور وجہ معیشت اور صحت و راحت سے بھی گزر جاؤں۔ عالم بے رنگی میں گزر پاؤں۔ جس سناٹے میں ہوں وہاں تمام عالم بلکہ دونوں عالم کا پتہ نہیں۔ ہر کسی کا جواب مطابق سوال کے دیئے جاتا ہوں۔ یہ دریا نہیں ہے، سراب ہے۔ ہستی نہیں پندار ہے۔ ہم تم دونوں اچھے خاصے شاعر ہیں مانا کہ سعدی و حافظ کے برابر مشہور ہوئے۔ ان کو شہرت سے کیا حاصل ہوا کہ ہم تم کو ہو جائے گا۔"

مرزا غالب نے بعض خطوں میں اور خاص کر اردو خطوں میں مسجع عبارت لکھنے کا انتظام کیا ہے۔ اگرچہ اس زمانے میں ایسا التزام تکلفات میں شمار کیا جاتا تھا خصوصاً اردو جو بمقابلہ عربی یا سنسکرت وغیرہ کے ایک نہایت محدود زبان تھی۔ وہ اس قسم کے تصنع اور ساختگی کی متحمل نہیں معلوم ہوتی۔ مگر غالب نے جس قسم کی مسجع عبارت اردو خطوں یا تقریظوں وغیرہ میں لکھی ہے۔ اس پر یہ گرفت مشکل سے ہو سکتی ہے۔ عربی اور سنسکرت زبان کے سوا اور زبانوں کی آراستہ نثروں میں عموماً یہ عیب ہوتا ہے کہ دوسرے فقرے میں جو پہلے فقرے کی رعایت سے خواہ مخواہ قافیہ تلاش کرنا پڑتا ہے۔ تو اس میں تصنع اور آورد کا رنگ پیدا ہو جاتا ہے اور اس لیے پہلے فقرے کے مقابلے میں دوسرا فقرہ بہ سبب لازم ملزوم کے کم وزن ہو جاتا ہے۔ مگر مرزا کی مسجع نثر میں یہ بات بہت کم دیکھی جاتی ہے دوسرے فقرے میں تقریباً ویسی ہی بے تکلفی پائی جاتی ہے جیسی پہلے فقرے میں اور یہ بات اس شخص سے بن پڑتی ہے جو باوجود خوش سلیقگی اور لطف طبیعت کے شاعری میں غایت درجے کا کمال رکھتا ہو اور وزن اور قافیہ کی جانچ اور تول میں ایک عمر بسر کر چکا ہو۔ یہاں اس کی مثالیں لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ مرزا کے اردو رقعات میں اس کی مثالیں موجود ہیں۔

مگر یہ واضح رہے کہ مقفیٰ عبارت مرزا خاص کر ان خطوں میں لکھتے تھے۔ جن سے ہنسی، ظرافت اور مخاطب کو خوش کرنا مقصود ہوتا تھا۔ ورنہ واقعات کا بیان یا مصائب کا ذکر یا تعزیت یا ہمدردی کا اظہار ہمیشہ سیدھی سادی نثر میں کرتے تھے۔ مثلاً یوسف مرزا کو ان کے باپ کی تعزیت میں لکھتے ہیں۔

"یوسف مرزا کیونکر تجھ کو لکھوں کہ تیرا باپ مر گیا اور اگر لکھوں تو آگے کیا لکھوں کہ اب کیا کرو۔ مگر صبر۔ یہ ایک شیوۂ فرسودہ ابنائے روزگار کا ہے۔ تعزیت یوں ہی کیا کرتے ہیں اور یہی کہا کرتے ہیں کہ صبر کرو۔ ہائے ایک کلیجہ کٹ گیا ہے اور لوگ اسے کہتے ہیں کہ تو نہ تڑپ۔ بھلا کیونکر نہ تڑپے گا۔ صلاح اس امر میں نہیں بتائی جاتی۔ دعا کو دخل نہیں، دوا کا لگاؤ نہیں۔ پہلے بیٹا مرا، پھر باپ مرا۔ مجھ سے اگر کوئی پوچھے کہ بے سر و پا کس کو کہتے ہیں تو میں کہوں گا یوسف مرزا کو۔ تمہاری دادی لکھتی ہیں کہ رہائی کا حکم ہو چکا تھا۔ اگر یہ بات سچ ہے تو جوانمرد ایک بار دونوں قیدوں سے چھوٹ گیا۔ نہ قید حیات رہی، نہ قید فرنگ۔"

انہیں کو بیٹے کی تعزیت اس طرح لکھتے ہیں۔

اے میری جان، اے میری آنکھ!

نہ ہمیں ان طفلے کہ در خاک رفت
چہ نالی کہ پاک آمد و پاک رفت

وہ خدا کا مقبول بندہ تھا۔ وہ اچھی روح اور اچھی قسمت لے کر آیا تھا یہاں رہ کر کیا کرتا؟ ہرگز غم نہ کرو اور اگر ایسی ہی اولاد کی خوشی ہے تو تم خود بچے ہو۔ خدا تم کو جیتا رکھے۔ اولاد بہت۔ نانا نانی کے مرنے کا ذکر کیوں کرتے ہو۔ وہ اپنی اجل سے مرے ہیں۔ بزرگوں کا مرنا بنی آدم کی میراث ہے۔ کیا تم یہ چاہتے تھے کہ وہ اس عہد میں ہوتے اور اپنی آبرو کھوتے۔ ہاں مظفر الدولہ کا غم من جملہ واقعات کربلائے معلیٰ ہے۔ یہ داغ رہے گا۔"

دیباچہ سراج المعرفۃ

غالب نے چند تقریظیں اور دیباچے بھی اردو زبان میں لکھے ہیں اور ان سب میں مسجع و مقفیٰ عبارت لکھنے کا التزام کیا ہے۔ جو بے تکلفی اور صفائی مرزا کے اردو خطوط میں پائی جاتی ہے۔ وہ ان دیباچوں اور تقریظوں میں نہیں ہے۔ خصوصاً سجع کی رعایت نے ان میں آورد اور تصنع کا رنگ زیادہ پیدا کر دیا ہے۔ لیکن مرزا کو ان میں معذور سمجھنا چاہیے۔ جو لوگ تقریظوں اور دیباچوں کی فرمائش کرتے تھے۔ وہ بغیر ان تکلفات کے ہرگز مطمئن ہونے والے نہ تھے۔ جو طریقہ اس زمانے میں ریویو لکھنے کا تھا۔ اس کو اس وقت بھی لوگ زیادہ پسند نہیں کرتے تھے اور مرزا کے وقت میں تو یہ بہت کم دیکھنے میں ملتا۔ بایں ہمہ ان میں سے بعض نثر میں مرزا کی خاص روش میں نہایت ممتاز ہیں۔ خصوصاً وہ دیباچہ جو انہوں نے مفتی میر لال صاحب کی کتاب "سراج المعرفۃ" پر لکھا ہے۔ اس میں جس خوبی اور متانت سے تصوف کے اعلیٰ خیالات ظاہر کیے ہیں اس کے لحاظ سے کہا جا سکتا ہے۔ کہ اردو زبان میں تصوف کے اعلیٰ تفکرات اس سے پہلے اور نہ اس کے بعد ایسی عمدہ نثر میں کسی نے نہیں لکھے۔

کتاب "سراج المعرفۃ" جس پر مرزا نے دیباچہ لکھا ہے۔ اس میں مفتی میر لال صاحب نے مرحوم بہادر شاہ کے ایما پر تمام اشغال و اذکار جو آں حضرت کے زمانے سے اس وقت تک سینہ بسینہ سفینہ بہ سفینہ چلے آتے تھے۔ ایک جگہ جمع کر دیئے تھے۔ مرزا نے اپنے دیباچے میں دکھایا ہے کہ ان اشغال و اذکار کو معرفت الٰہی میں کیا دخل ہے اور کیونکر ان کے ذریعے سے توحید وجودی تک سالک کی رسائی ہو سکتی ہے۔ دیباچہ مذکورہ کا اول و آخر چھوڑ کر صرف وہ حصہ جہاں مرزا

نے مذکورہ بالا مقصد کو بیان کیا ہے یہاں نقل کیا جاتا ہے۔

اقتباس دیباچہ "سراج المعرفۃ"

حق یوں ہے کہ حقیقت از روئے مثال ایک نامۂ سر بمہر پیچیدہ و سربستہ ہے کہ جس کے عنوان پر لکھا ہے۔

لاموثر فی الوجود الا اللہ اور خط میں مندرج ہے " لا موجود الا اللہ" اور اس خط کا لانے والا اور اس راز کا بتانے والا وہ نامہ اور نام آور ہے کہ جس پر رسالت ختم ہوئی۔ ختم نبوت کی حقیقت اور اس معنیٔ غامض کی صورت یہ ہے کہ مراتب توحید چار ہیں۔ آثاری و افعالی و صفاتی اور ذاتی۔ انبیائے پیشین صلوات اللہ علیٰ نبینا و علیہم اعلان مراتب توحید سہ گانہ پر مامور تھے۔ خاتم الانبیاء علیہم کو حکم ہوا کہ حجاب تعینات اعتباری اٹھا دیں اور حقیقت بے رنگیٔ ذات کو صورت الآن کما کان میں دکھا دیں۔ اب گنجینۂ معرفت خواص امت محمدی کا سینہ ہے اور کلمہ لا الہ الا اللہ مفتاح باب گنجینۂ ہے۔ نہ بے خامی عامۂ مومنین کی کہ وہ اس کلام سے صرف نفی شرک فی العبادۃ مراد لیتے ہیں اور نفی شرک فی الوجود جو اصل مقصود ہے ان کی نظر میں نہیں۔ جب لا الہ الا اللہ کے بعد محمد رسول اللہ کہیں گے اس سے توحید ذاتی کے اعتقاد کی قدمگاہ پر آرہیں گے۔ یعنی ہمارے اس کلمے سے مراد وہ ہے جو خاتم الرسل کا مقصود تھا۔ یہی حقیقت ہے شفاعت محمدی کی، اور یہی معنی ہیں رحمت اللعالمین ہونے کے اور اس مقام نے نامی ہے مژدۂ روح افزائے "من قال لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ"۔ کلمہ اگرچہ دیکھنے میں دو زبان ہے، لیکن وحدت حقیقی کا رازداں ہے۔ گفتگوئے توحید میں وہ لذت ہے کہ جی چاہتا ہے کہ کوئی سو بار کہے اور سو بار سنے۔ نبی کی حقیقت ذو جہتین ہے۔ ایک جہت خالق کی جس سے اخذ فیض کرتا ہے اور ایک جہت خلق کی کہ جس کو فیض پہنچاتا ہے۔

؎ نبی را دو وجہ است دل جوئے خلق
یکے سوئے خالق، یکے سوئے خلق
بداں وجہ از حق بود مستفیض
بدیں وجہ بر خلق باشد مفیض

یہ صوفیہ کا قول ہے کہ "الولایۃ افضل من النبوۃ" معنی اس کے صاف از روئے انصاف یہ ہیں کہ ولایت نبی کی کہ وہ وجہ الی الحق ہے افضل ہے۔ نبوت سے کہ وہ وجہ الی الخلق ہے۔ نہ یہ کہ ولایت عام افضل ہے۔ نبوت خاص سے جس طرح نبی مستفیض ہے، حضرت الوہیت سے، اسی طرح ولی مستفیض ہے۔ انوار نبوت سے۔ مستفیض کی تفضیل مفیض پر اور مستفیض کی ترجیح مفیض پر ہرگز معقول اور عقلا کے نزدیک مقبول نہیں۔ اب وہ ولایت کہ خاصہ نبی تھی۔ نبوت کے ساتھ منقطع ہوگئی۔ مگر وہ فروغ کہ اخذ کیا گیا ہے، مشکوٰۃ نبوت سے ہنوز باقی ہے۔ نقل و تحویل ہوتی چلی آئی ہے اور چراغ سے چراغ جلتا چلا جاتا ہے۔ اور یہ سراج ایزدی تا صبح ظہور قیامت روشن رہے گا اور اب اس کا نام ولایت اور یہی مشعل طریق ہدایت والمہدیہ ہدایت وہی حقیقت توحید ذاتی ہے کہ جو از روئے کلمہ لا الہ الا اللہ مشہود عیون اعیان امت اور منظور نظر اکابر ملت ہوئی ہے۔ مگر وہ بات اب کہاں کہ ایک بار لا الہ الا اللہ کہے اور دل نور کی معرفت سے منور ہو جائے اور وہ ضامن زبردست کہاں کہ قائل لا الہ الا اللہ کو اگرچہ اس کے معنی اچھی طرح نہ سمجھا ہو، قدم گاہ توحید پر قائم کر دے۔ یعنی رسول مقبول واجب التعظیم قائل انا احمد بلا میم علیہ التحیۃ۔ اب سعادت بقدر ارادت ہے اور راحت بعد جراحت۔ سچ بھی تو ہے آدمی کیونکر سمجھ سکے اور بطلان بدیہیات کے جواز پر اس کو کیونکر تسلی ہو، یعنی اس مجموعے موجودات کو کہ افلاک و انجم و جبال اس میں ہیں نیست و نابود محض جان لے اور تمام عالم کو ایک وجود مان لے ؎

اے کردہ بہ آرائش گفتار ز ہیچ
در زلف سخن کشودہ را خم و پیچ
عالم کہ تو چیز دیگرش می دانی
ذاتیست بسیط منبسط دیگر ہیچ

جب اولیاء اللہ نے کہ وہ اطبائے روحانی ہیں، دیکھا کہ نفوس بشری پر وہم غالب ہے اور بہ سبب استیلائے وہم مشاہدہ وحدت ذات سے محروم رہے جاتے ہیں، ہرچند انکو سمجھائیں گے، راہ پر نہ آئیں گے۔ ناچار اشغال و اذکار وضع کیے۔ تا قوت متخیلہ اس میں الجھی رہے اور رفتہ رفتہ بے خودی طاری ہو جائے۔ وحدت وجود اس طرح کی بات تو نہیں کہ نہ ہو اور ہم اسکو بجبر یا بہ تکلف ثابت کیا چاہتے ہوں۔ واقعی ہمہ اوست ورنہ واقعی ہمہ اوست۔ وہم صورت گری اور پیکر تراشی کر رہا ہے اور معدومات کو موجود سمجھ رہا ہے۔

پس جب وہ وہم شغل و ذکر کی طرف مشغول ہو گیا۔ بے شبہ اپنے کام سے یعنی صورت گری اور پیکر تراشی سے معزول ہو گیا۔ بے خبری اور بے خودی چھا گئی اور وہ کیفیت جو موحدین کو بہ مجرد فہم حاصل ہوتی ہے اس شاغل کے نفس کو بیخودی میں آگئی۔ ایک دریا میں جان کر کودا۔ ایک کسی نے غافل کر کے دھکیل دیا۔ انجام دونوں کا ایک ہے۔ وہ لوگ جو وحدت وجود کو سمجھ لیں: یہ میں نہیں کہتا کہ نہیں ہیں۔ مگر ہاں کم ہیں اور مخفی ہیں۔ اور کہیں کہیں ہیں اور ایسے نفوس کہ جو کسب حالت بے خودی کے واسطے محتاج اشغال و اذکار ہیں۔ بہت بلکہ بے شمار ہیں۔"

"دیباچہ سراج المعرفۃ"

غالب کی فارسی شاعری

فارسی کلام میں غالب کا مقام

بقول مولانا الطاف حسین حالی۔ فارسی لٹریچر میں ایشیائی مذاق کے موافق جو دستگاہ مرزا نے بہم پہنچائی تھی اور فارسی نظم اور نثر دونوں میں جو بلند پایہ انہوں نے حاصل کیا تھا اس کو اس زمانہ میں لوگوں کے ذہن نشین کرنا خاصا مشکل کام تھا۔ جبکہ اس زمانے میں، جب بہت سخن سنج اور نکتہ رس موجود تھے۔ مرزا ہمیشہ زمانے کی ناقدر دانی کی شکایت کرتے تھے۔ غالب کے فارسی کلام کو دیکھتے وقت یاد رکھنا چاہیئے۔ اگرچہ مرزا کو فارسی زبان میں (خواہ نظم ہو یا نثر) ہر قسم کے مضمون کو بیان کرنے پر ایسی ہی قدرت حاصل تھی جیسی کہ ایران کے ایک بڑے سے بڑے مشاق ماہر استاد کو ہوتی ہے

لیکن جس طرح تمام ممتاز اور نامور شعرا میں خاص خاص مضامین کے ساتھ زیادہ مناسبت دیکھی گئی ہے۔ اسی طرح مرزا بھی اس کلیہ سے مستثنیٰ نہیں تھے۔ تصوف جب اہل بیتؑ فخر، شوخی و ظرافت، رندی و بے باکی، بیان رنج و مصیبت و شکایت اظہار محبت و ہمدردی، حسن طلب، یہ چند میدان ایسے تھے جن کا بیان مرزا کے تمام اصناف سخن میں اکثر نہایت لطیف و بلیغ واقع ہوا ہے۔

بے شک یہ بات ان کے عشقیہ مضامین و اخلاق و موعظت کے بیان میں عام طور پر نہیں پائی جاتی۔ کیونکہ عشق و محبت اور تمام تعلقات و معاملات عاشق و معشوق کا بیان جیسا کہ ظاہر ہے، محض نیچرل سادگی اور بے تکلفی چاہتا ہے اور شاعرانہ صنعت سے جس کو مرزا نے جا بجا شاعری کے لفظ سے تعبیر کیا ہے۔ زیادہ میل نہیں کرتا۔ برخلاف اس کے مرزا اصناف کلام میں اپنی اس قسم کی شاعری کا سررشتہ ہاتھ سے چھوڑنا نہیں چاہتے تھے۔ اسی لیے ان کے عاشقانہ اشعار میں باوجود کمال متانت کے وہ گرمی اور تاثیر جو شعر کی جان اور غزل کا ایمان ہے۔ عام طور پر نہیں پائی جاتی۔

اخلاق و موعظت کا بیان بھی اسی لیے موثر اور دل آویز نہیں ہے کہ وہ جب تک نہایت سادہ اور صاف اور شاعرانہ تکلفات سے پاک نہ ہو۔ دلوں میں گھر نہیں کر سکتا مگر اس سے غالب کی مہارت اور استادی میں کچھ فرق نہیں آتا۔ جب سعدی کی رزم کی نسبت کہا جاتا تھا کہ "ایں شیوہ ختم است بود یگراں" اور ان کا قصیدہ بھی بہت پست سمجھا جاتا تھا اور باایں ہمہ سعدی کی استادی کو سب نے تسلیم کیا۔ تو مرزا کے خاص قسم کے بیانات کی نسبت ایسا کہنے سے مرزا کی استادی میں کیونکر فرق آ سکتا ہے یہ میزان ہم نے مرزا کے کلام کی نسبت بتائی ہے۔ اس کو ان کے کلیات نظم و نثر میں جانچنا چاہیے، نہ انتخابی اشعار میں جو ان کے دیوان میں درج ہیں۔"

غالب کی فارسی غزل

مرزا کی فارسی شاعری اور فارسی انشاپردازی کے متعلق یہ بات بقول حالی قابل غور ہے کہ وہ کیا اسباب تھے جنہوں نے پچاس برس تک مرزا کو ایک ایسے فن کی تکمیل اور اس میں ترقی کرنے پر مستعد و سرگرم رکھا جس کا زمانے میں کوئی قدردان نہ تھا۔ ان کے ممدوح زیادہ تر انگلش گورنمنٹ کے ارکان و اعیان تھے جو فارسی زبان اور خاص کر فارسی شاعری سے محض اجنبی تھے۔ یا بادشاہ اور سلاطین و امرا تھے وہ ساتھ تھے جن کو مرزا کے فارسی قصیدے پڑھنے اور سمجھنے کی فرصت تھی نہ ضرورت۔۔ وہ شخص جس کا قصیدہ خاقانی و انوری کے قصیدوں سے ٹکر کھائے جس کی غزل عرفی و طالب کی غزل سے سبقت لے جائے جو رباعی میں عمر خیام کی آواز میں آواز ملائے اور جس کی نثر کے آگے ابوالفضل اور ظہوری کی نثر پھیکی اور بے مزہ معلوم ہو۔ اس کو بہادر شاہ کی سرکار سے صرف پچاس روپے ماہوار وظیفہ ملتا تھا اور وہ بھی چھ سات برس سے زیادہ نہیں ملا۔

گورنمنٹ کے ارکان کی مدح کے صلہ میں مرزا کو اس خلعت کے سوا کبھی کچھ نہ ملا جو فوراً فروخت ہو کر سرکاری چپراسیوں کے انعام میں صرف ہو جاتا تھا۔ مرزا کے ماننے والے اور ان کے فارسی کلام پر ایمان رکھنے والے بلاشبہ ملک میں بے شمار تھے۔ مگر ایسے خوش اعتقادوں کی کثرت اور ان کی تحسین و آفرین سے شاعر کا دل نہیں بڑھ سکتا۔ پس جبکہ ممدوحوں کی قدردانی کا وہ حال ہو اور مدح سرائی کا یہ رنگ، تو پھر وہ چیز کہ جس کو مرزا کی اصلی اور حقیقی ترقی کا باعث قرار دیا جائے۔ بات یہ ہے کہ شاعر کے دل میں اصل ترقی کا ولولہ نہ سلاطین و امرا کی داد و دہش سے پیدا ہوتا ہے اور نہ خوش اعتقاد شاگردوں اور ماننے والوں کی کثرت سے بلکہ اس کا دل بڑھانے والی صرف دو چیزیں ہیں جو خواہ نخواہ اس کو ترقی کرنے پر مجبور کرتی ہیں۔ اول لائیق استعداد اور فطری قابلیت جس کا تقاضا یہ ہے کہ اگر تمام عالم میں ایک قدردان یا مخاطب صحیح نہ ہو تو بھی وہ اپنے جوہر ظاہر کیے بغیر نہیں رہتی۔ جس طرح مور خواہ ویرانے میں ہو اور خواہ آبادی میں اس کو مستی کے عالم میں ناچنے سے گریز نہیں۔ اسی طرح وہ شاعر جو ماں کے پیٹ سے شاعر ہی پیدا ہوا ہے۔ بغیر اس کے کہ ملک میں کوئی اس کی قدر کرے یا اس کے کمال کی داد دے، اپنے ہنر کی تکمیل میں ہاتھ پاؤں ہلائے بغیر نہیں رہ سکتا۔

دوسرے اس فطری ملکہ کو تحریک دینے والے اور اس آگ کے پتھر سے نکالنے والے کو اس بات کا یقین ہے کہ معاشرے میں کچھ لوگ ابھی تک حقیقت میں سخن فہم موجود ہیں۔

اگرچہ ہندوستان میں فارسی زبان کا چراغ مدت سے ٹمٹما رہا تھا اور فارسی شاعری کی عمر طبعی اختتام کے قریب پہنچ چکی تھی۔ مگر حسن اتفاق سے اس آخری دور میں چند صاحبان علم و فضل دہلی میں ایسے پیدا ہو گئے تھے جو علم و فضل کے علاوہ شعر و سخن کا مذاق بھی اعلیٰ درجے کا رکھتے تھے۔ ان چند صاحبوں سے ہماری مراد مولانا فضل حق خیرآبادی ثم دہلوی، مولانا مفتی صدرالدین آزردہؔ، مولوی عبداللہ خان علوی، مولوی امام بخش صہبائیؔ، حکیم مومن خان مومنؔ، نواب مصطفےٰ خان حسرتیؔ، نواب ضیاالدین احمد نیرؔ، سید غلام علی خان وحشتؔ وغیرہ، درحقیقت ان ہستیوں کا مرزا کے زمانے میں ہونا ان کی شاعری کے حق میں بالکل ایسا تھا جیسا عرفی و نظیری کے حق میں خان خاناںؒ، ابوالفتح، فیضی اور ابوالفضل کا ان کے زمانے میں ہونا۔

اگرچہ ان بزرگوں میں بعض اصحاب ایسے بھی تھے جو بظاہر مرزا غالب کی شاعری کو تسلیم نہیں کرتے تھے۔ لیکن چونکہ یہ سب لوگ سخن فہم اور سخن سنج تھے۔ اس لیے جس طرح قدردانوں کی تحسین و آفرین سے مرزا کا دل بڑھتا تھا۔ اس طرح نکتہ چینوں کے خیال سے ان کو پھونک پھونک کر قدم رکھنا پڑتا تھا۔ اور ان کے دل پر اپنا نقش بٹھانے کے لیے اظہار کمال میں زیادہ کوشش کرنی پڑتی تھی اور یوں قدردان اور نکتہ چیں دونوں ان کی ترقی و ترویج کا باعث تھے۔

مولانا فضل حق باایں ہمہ علم و فضل مرزا کو جس درجے کا شاعر مانتے تھے۔ اس کا اندازہ حکایت ذیل سے ہو سکتا ہے۔ مولانا کے شاگردوں میں سے ایک شخص نے ناصر علی سرہندی کے کسی شعر کے معنی مرزا صاحب سے جا کر پوچھے۔ انہوں نے کچھ معنی بیان کیے۔ اس نے وہاں سے آ کر مولانا سے کہا آپ مرزا صاحب کی سخن فہمی اور سخن کی اس قدر تعریف کرتے ہیں۔ آج انہوں نے ایک شعر کے معنی بالکل غلط بیان کیے۔ پھر وہ شعر پڑھا اور مرزا نے جو کچھ معنی کہے تھے بیان کیے۔ مولانا نے کہا۔ پھر ان معنوں میں کیا برائی ہے۔ اس نے کہا۔ برائی تو کچھ ہو یا نہ ہو مگر ناصر علی کا یہ مقصود نہیں ہے۔ مولانا نے کہا کہ اگر ناصر علی نے وہ معنی مراد نہیں لیے جو مرزا نے کیے ہیں تو اس نے سخت غلطی کی ــــ

مرزا نے ایک غزل کے مقطع میں اپنے تئیں کم از کم شیخ علی حزیں کا مثل قرار دیا ہے اور وہ مقطع ہے ؂

اندریں شیوہ گفتار کہ داری غالبؔ
گر ترقی نہ کنم شیخ علی را مانی

مومن خاں مومن نے جس وقت یہ مقطع سنا تو اپنے دوستوں سے کہنے لگے کہ اس میں بالکل مبالغہ نہیں ہے۔ مرزا کو ہم کسی طرح شیخ علی حزیں سے کم نہیں سمجھتے۔ ایک صاحب نے جو مومن کی تعلیوں سے خوب واقف تھے یہ حکایت سن کر کہا۔ مومن خاں نے اس لیے کہا کہ وہ اپنا رتبہ یقیناً شیخ علی حزیں سے بہتر و بلند تر سمجھتے تھے۔ ورنہ وہ ہرگز مرزا کو شیخ کے برابر تسلیم نہ کرتے۔

غالبؔ اور خسروؒ

نواب مصطفےٰ خاں ہمیشہ مرزا کو ظہوری و عرفی کا ہم پایہ کہا کرتے تھے اور صائب و کلیم وغیرہ سے ان کو بہ مراتب برتر و بالاتر سمجھتے تھے۔ نواب ضیاالدین خاں کا مرزا کی نسبت یہ قول تھا کہ ہندوستان میں فارسی شعرا کی ابتدا ایک ترک یعنی امیر خسروؒ سے ہوئی اور ایک ترک یعنی غالب پر اس کا خاتمہ ہو گیا۔ سید غلام علی خاں وحشت مرزا کی نسبت کہتے تھے کہ اگر یہ شخص عربی کی طرف متوجہ ہو جاتا تو عربی شعر میں دوسرا متنبی اور ابو تمام ہو جاتا اور انگریزی زبان کی تحصیل کرتا ــــ تو انگلستان کے مشہور شاعروں کا مقابلہ کرتا۔

مولانا آزردہ جب تک مرزا کی طرز خاص کو جو انھوں نے ابتدا میں اختیار کی تھی ناپسند کرتے تھے اور جو خیال کہ ابتدا میں مرزا کی نسبت مولانا کے دل میں بیٹھ گیا تھا وہ اخیر تک ان کے دل میں کسی نہ کسی قدر باقی رہا۔ چنانچہ مرزا نے جو ایک فارسی قصیدہ مولانا ممدوح کی شان میں لکھا ہے۔ اس میں اس مضمون کی طرف نہایت لطیف اشارہ کیا گیا ہے کہ مولانا ان کی سخن طرازی کو تسلیم نہیں کرتے تھے۔ قصیدے تمہید میں اپنے مصائب و آلام و شکایت روزگار وغیرہ کا بیان ہے اس کے بعد ممدوح کی طرف اس طرح گریز کرتے ہیں ــ

؎ با چنیں اندوہ کہ گنجیم و دل خالی نشد
خواجہ اگر اندوہ گسار من نبودے وائے من
آں کہ در یکتائی وے در فن فرزانگی
متفق گردیدہ رائے بو علی با رائے من
آنکہ چوں خواہد نیاعش نامہ نامی ساختن
بر نگارد حسن مقالش کرم فرمائے من
دل بہ ریں دستم نیا باید سخن کوتہ کنید
آں کہ ننگ ارسے بودن در سخن ہمتائے من

یعنی بو علی سینا کا ممدوح کی یکتائی پر میرے ساتھ اتفاق کرنا اور عقل کا اس کو کرم فرمائے من لکھنا یہ سب باتیں اس کی مدح کے لیے کافی نہیں ہیں۔ مختصر یہ کہ وہ ایسا شخص ہے کہ شعر میں مجھ جیسے شخص کا ہم سر ہونا بھی اس کے واسطے موجب ننگ و عار ہے۔ اس میں قطع نظر اس کے کہ ممدوح کی اور اس سے بھی زیادہ اپنی تعریف ایک نہایت لطیف پیرائے میں بیان کی ہے۔ اس بات کا بھی اشارہ ہے کہ ممدوح میری شاعری کو پسند نہیں کرتا۔

بیدل کا اثر

غالب کی وفات سے چھ سات برس پہلے کا ذکر ہے کہ ایک روز نواب حسرتی کے مکان پر آزردہ اور غالب اور بعض دوسرے مہمان جمع تھے۔ کھانے میں دیر تھی۔ فارسی دیوان غالب کے کچھ اوراق پڑے ہوئے مرزا کی نظر پڑ گئے۔ ان میں ایک غزل تھی جس کے مقطع میں اپنے منکروں کی طرف خطاب کیا تھا اور جس کا مطلع یہ ہے۔

؎ نظارہ معنیاں از شرابخانہ تست
فسون بابلیاں فصلے از فسانہ تست

مرزا نے وہ ورق اٹھا لیا اور مولانا آزردہ سے مزاح کے طور پر کہا: "دیکھیے کسی ایرانی شاعر نے کیا زبردست غزل لکھی ہے۔" یہ کہہ کر غزل پڑھنی شروع کر دی۔ اول کے دو تین شعروں کی مولانا نے تعریف کی مگر پھر بعض قرائن سے سمجھ گئے کہ مرزا غالب ہی کا کلام ہے۔ مسکرا کر جیسی کہ ان کی عادت تھی، کہنے لگے "کلام مربوط ہے۔ مگر نو آموز کا کلام معلوم ہوتا ہے۔" سب حاضرین ہنس پڑے۔ جب مقطع کی نوبت آئی۔ مرزا نے مولانا کی طرف خطاب کر کے درد ناک آواز سے یہ مقطع پڑھا۔

تو اے کہ محو سخن گستران پیشینی
مباش منکر غالب کہ در زمانہ تست

اس وقت سب لوگ بہت شاد ہوئے اور مولانا آزردہ شرما کر خاموش ہو گئے۔

صہبائی اور علوی بھی چونکہ مرزا بیدل کا تتبع کرتے تھے اور غالب نے اس طریق کو بالکل چھوڑ دیا تھا، اس لیے وہ مرزا اور مرزا ان کو کم مانتے تھے۔ لیکن چونکہ یہ تمام گروہ سخن فہموں اور سخن سنجوں کا تھا اور شاعروں میں اکثر ایک دوسرے سے مڈبھیڑ ہوتی رہتی تھی۔ مرزا کو اپنے خیالات کی اصلاح اور اپنے اشعار کی تہذیب میں زیادہ کوشش کرنی پڑتی تھی اور یہی ان کی اصل ترقی کی بنیاد تھی۔

معلوم ہوتا ہے کہ مرزا غالب نے فارسی غزل بھی اول مرزا بیدل وغیرہ کی طرز میں کہنی شروع کی تھی۔ چنانچہ اس قسم کی بہت سی غزلیں ان کے دیوان میں اب تک موجود ہیں۔ مگر رفتہ رفتہ یہ طرز بدلتی گئی اور آخر کار عرفیؔ، ظہوریؔ، نظیریؔ اور طالب آملی وغیرہ کی غزل کا رنگ مرزا کی غزل میں پیدا ہو گیا۔ وہ اپنے فارسی دیوان کے خاتمے میں لکھتے ہیں۔ جس کا ترجمہ یہ ہے ــ

> "اگرچہ طبیعت ابتدا سے نادر اور برگزیدہ خیالات کی طرف مائل تھی۔ لیکن آزادہ روی کے سبب زیادہ تر ان لوگوں کی پیروی کرتا رہا جو راہ صواب سے نابلد تھے آخر جب ان لوگوں نے جو اس راہ میں پیشرو تھے، دیکھا کہ میں باوجودیکہ ان کے ہمراہ چلنے کی قابلیت رکھتا ہوں اور پھر بھی بے راہ بھٹکتا پھرتا ہوں۔ ان کو میرے حال پر رحم آیا اور انہوں نے مجھ پر مربیانہ نظر ڈالی۔ شیخ علی حزیں نے مسکرا کر میری بے راہ روی مجھ کو جتائی۔ آملی اور عرفی کی غضب ناک نگاہ نے آوارہ اور مطلق العنان پھرنے کا مادہ جو مجھ میں تھا اس کو فنا کر دیا۔ ظہوری نے اپنے کلام کی گیرائی سے میرے بازو پر تعویذ اور میری کمر پہ زادِ راہ باندھا اور نظیری نے اپنی خاص روش پر چلنا مجھ کو سکھایا۔ اب اس گروہ والا شکوہ کے فیض تربیت سے میرا کلک رقاص چال میں کبک ہے تو راگ میں موسیقار، جلوے میں طاؤس ہے تو پرواز میں عنقا۔"

غزل میں نظیریؔ کا رنگ

مرزا کے اس بیان میں پایا جاتا ہے کہ وہ غزل میں خاص نظیری کی روش پر چلتے تھے۔ مگر ان کی غزلیات کے دیکھنے سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کی غزل میں نہ صرف نظیریؔ بلکہ عرفیؔ، ظہوری، طالب آملی، جلال اسیر اور ان کے دیگر متبعین کی غزل کا رنگ پایا جاتا ہے۔ البتہ اس لحاظ سے کہ تصوف کا عنصر مرزا کے کلام میں نظیری سے کچھ کم نہیں ہے۔ ان کی غزل بلاشبہ نظیریؔ کی غزل سے زیادہ مناسبت رکھتی ہے۔ لیکن طرز بیان کے

لحاظ سے نظیری کی کچھ خصوصیات نہیں معلوم ہوتیں۔

ناظم ہروی کی چند بیتیں مشہور ہیں، جن میں عنصری سے لے جامی تک ہر زمانے میں جو شاعر سر برآوردہ ہوا ہے۔ اس کا نام لیا ہے۔ ان کے آخر میں مرزا نے ایک بیت اپنی طرف سے اضافہ کی ہے۔ چونکہ اصل مثنوی اور اس پر مرزا کا اضافہ فائدے اور لطف سے خالی نہیں ہے۔ اس لیے یہاں اُسے نقل کرتے ہیں۔ ناظم کہتا ہے۔

شنیدم کہ در دور گاہِ کہن   شدہ عنصری شاہِ صاحب سخن۔
چو اورنگ از عنصری شد تہی   بہ فردوسی آمد کلاہِ مہی
چو فردوسی آورد سر در کفن   بہ خاقانی آمد بساطِ سخن
چو خاقانی از دارِ فانی گذشت   نظامی بہ ملکِ سخن شاہ گشت
نظامی چو جامِ اجل در کشید   سر چترِ دانش بہ سعدی رسید
چو اورنگ سعدی فرو شد ز کار   سخن گشت برفرقِ خسرو نثار
ز خسرو چو نوبت بہ جامی رسید   ز جامی سخن را تمامی رسید

اس کے بعد جو کمی ناظم ہروی کے بیان میں رہ گئی تھی۔ اس کو مرزا غالب نے یوں پورا کر دیا ہے

ز جامی بہ عرفی و طالب رسید   ز عرفی و طالب بہ غالب رسید

اگرچہ مرزا نے بیدل اور متبعین کی زبان اور ان کے متبعین کی زبان اور ان کے انداز بیان میں شعر کہنا ترک کر دیا تھا اور اس ضمن میں اہلِ زبان کے طریقے سے تجاوز نہیں کرتے تھے، مگر خیالات میں بیدل کا اثر مدت تک قائم رہا۔ لیکن آخر کار تغزل میں بے انتہا گھلاوٹ اور صفائی پیدا ہو گئی تھی۔

غالب کی فارسی غزلیات کا انتخاب

شاہدِ حق ترا در روشِ دلبری
طرّۂ پُرخم صفات موی میانِ ماسوا
آب نہ بخشی بہ خضر خونِ سکندر ہدر
جاں نپذیری بہ ہیچ نقدِ خضر نا روا
بزمِ ترا شمع و گل خستگیِ بوتراب
سازِ ترا زیر و بم واقعۂ کربلا
سادہ نہ ز علم و عمل مہرِ تو ورزیدہ ام
مستیِ ما پایدار بادۂ ما ناشتا
اے خاکِ درت قبلۂ جان و دلِ غالب
کز فیضِ تو پیرایۂ ہستی ست جہاں را
تا نامِ تو شیرینیِ جاں دادہ بہ گفتن
در خویش فرو بردہ دل از مہر زباں را

●

حال ما از حیرت پرسی و منت می بریم
آگہی بادے کہ آگہ نیستی از حالِ ما
خطے بر ہستیِ عالم کشیدیم از مژہ بستن
ز خود رفتیم و با ہم خویشتن بردیم دنیا را

●

وقفِ تاراجِ غمِ تست چہ پیدا چہ نہاں
ہم رنگ از رخ ما رفت و دل از سینۂ ما
جوشے از بادہ و جوشے ز عسل دارد خلد
لبِ لعلِ تو ہم این ست و ہم آن ست مرا
خار ہا از اثرِ گرمیِ رفتارم سوخت
منتے بر قدمِ راہ روان است مرا
دہر در نغمۂ در دخنہ بہ آہم غالب
توشۂ بر لبِ جو ماندہ تشنا ست مرا

●

سایۂ و چشم بصحرا دمِ عیسٰی دارد
گر از اندیشۂ منزل بنود رہزنِ ما
می پرد مور گر جاں بسلامت ببرد
تا چہ برق ست کرشمہ نامزد خرمنِ ما
سخنِ ما بہ لطافت نہ پذیرد تحریر
نہ شود گرد نمایاں ز رمِ توسنِ ما
ما نبودیم بدیں مرتبہ راضی غالب
شعر خود خواہشِ آں کرد کہ گردد فنِ ما

●

بہ روئے حاسداں در دوزخ کشودہ اشک
از بہرِ خویش جنتِ در بستہ ایم ما
سوزِ ترا رواں ہمہ در خویشتن گرفت
از داغ تہمتے بہ جگر بستہ ایم ما
دے سیاہ خویش ز خود ہم نہفتہ ایم
شمعِ خاموشیِ کلبۂ تارِ خودیم ما

●

در مشربِ حریفاں منت خود نمائی
بنگر کہ چوں سکندر آئینہ نیست جم را

●

وداع و وصل جداگانہ لذتے دارد
ہزار بار برو صد ہزار بار بیا
رواجِ صومعہ ہستی ست زینہار مرو
متاعِ میکدہ مستی ست ہوشیار بیا

●

چوں بہ قاصد بسپرم پیغام را
رشک نگذارد کہ گویم نام را
گشتہ در تاریکیِ روزم نہاں
کو چراغ تا بجویم شام را
تا نہ پندد ہر کہ تن پرور بود
خوش بود گر دانہ نبود دام را

دل ستاں در خشمِ غالب بوسہ جو
شوق نقش سدرہے ہنگامہ را

•

خرابیم و درخانش در خرابیہائی ما باشد
ز چشمِ بد نگہدار و خدا را دستِ کالا را
بسا افتادہ سرمست و بسا افتادہ در دست
تو دانی تا بہ سقف از خاک برداری کرا ما را

•

عالم آئینہ راز است چہ پیدا چہ نہاں
تاب اندیشہ نداری بہ نگاہے دریاب
فرصت از کف مدہ و وقت غنیمت پندار
نیست گر صبح بہاری شب ماہے دریاب
گر پس از جور کرہ بہ انصاف گراید چہ عجب
از حیا روئے بما گر ننماید چہ عجب
بودش از شکوہ خطر ور نہ سری داشت بہ من
بہ مزارم اگر از مہر بیاید چہ عجب
با چنیں شرم کہ از ہستی خویشش باشد
غالب از رخ برہ و دست نساید چہ عجب

•

غالب کی مشہور فارسی نعت

حق جلوہ گر ز طرزِ بیانِ محمدؐ است
آرے کلامِ حق بہ زبانِ محمدؐ است
آئینہ دار پرتوِ مہر است ماہتاب
شانِ حق آشکار ز شانِ محمدؐ است
تیر قضا ہر آئینہ از ترکش حق است
اما کشادِ آں ز کمانِ محمدؐ است
دانی اگر بہ معنی لولاک وا رسی
خود ہر چہ از حق است ازانِ محمدؐ است
ہر کس قسم بدانچہ عزیز است می خورد
سوگند کردگار بجانِ محمدؐ است
واعظ حدیث سایۂ طوبیٰ فرو گذار
کاینجا سخن ز سرو روانِ محمدؐ است
بنگر دو نیمہ گشتنِ ماہ تمام را
کاں نیمہ جنبشے ز بنانِ محمدؐ است
ور خود ز نقشِ مہر نبوت سخن رود
آں نیز نامور ز نشانِ محمدؐ است
غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گذاشتیم
کاں ذاتِ پاک مرتبہ دانِ محمدؐ است

•

غالب کی شاعری پر ایک عمومی نظر

پروفیسر رشید احمد صدیقی اپنے ایک معرکہ آرا مضمون میں غالب کی شاعری کا جائزہ لیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اردو تاریخ شعر میں دکنی شاعری کا دَوْر اس کا ابتدائی دَور کہا جا سکتا ہے۔ ابنِ نشاطی سے دوسری روایت شروع ہو جاتی ہے دہلی والوں نے شعر کا سرا پھر وہیں سے اٹھایا جہاں محمد قلی قطب شاہ، وجہی اور غواصی نے چھوڑا تھا۔ لکھنؤ جا کر اردو شاعری پر ترصیع و تکلف کا غلبہ ہوتا ہے۔ جس کے سیل کو شاہ نصیر اور ذوق کی محاورہ بندی بھی نہ تھام سکی۔ تاریخ شعر ایسے مقام پر اکبر آباد کا ایک نوجوان دہلی کی بساطِ شعر پر تازہ وارد کی حیثیت سے نمودار ہوتا ہے۔ اکبر آباد میں اس کی تربیت نظیر اکبر آبادی کے مکتب میں نہیں بلکہ بیدل، ناصر علی، نظیری، عرفی اور ظہوری کے دبستان میں ہوئی تھی۔ انیسویں صدی کے آغاز تک اردو زبان بھی اپنے ارتقا کے ایسے مرحلے پر پہنچ گئی تھی جہاں اس کے ہندی اور فارسی اجزائے ترکیبی میں جوڑ سا آ گیا تھا۔ یہ وسعت طلب تھی۔ لیکن شعرائے دہلی اسے محاورہ بندی میں قید کر رہے تھے۔ لکھنؤ کا دبستان اس کے حسنِ ظاہری سے کھیل رہا تھا۔ فکر کی توسیع کی جانب کسی کی توجہ نہ تھی۔

کیوں یار کیا کہتے ہو؟ ہم کچھ آدمی کام کے ہیں یا نہیں؟ تمہارا خط پڑھ کر دو سو بار یہ شعر پڑھا ؎

وعدۂ وصل چوں شود نزدیک
آتش شوق تیز تر گردد

کلو کو مولوی مظہر علی صاحب کے پاس بھیج کر کہلا بھیجا کہ آپ کہیں جائیے گا نہیں۔ میں آتا ہوں۔ بھلا بھائی اچھی حکمت کی۔ کیا وہ میرے بابا کے نوکر تھے؟ کہ میں ان کو بلاتا؟ انھوں نے جواب میں کہلا بھیجا کہ آپ تکلف نہ کریں، میں حاضر ہوتا ہوں۔ دو گھڑی کے بعد وہ آئے ــــ ادھر کی بات، اُدھر کی بات، کوئی انگریزی کاغذ دکھایا، کوئی فارسی خط پڑھوایا۔ اجی کیوں حضرت! آپ میرن صاحب کو نہیں بلاتے؟ صاحب میں تو ان کو لکھ چکا ہوں کہ تم چلے آؤ اور ایک مقام کا ان کو پتہ لکھا ہے کہ وہاں ٹھہر کر مجھ کو اطلاع کرو۔ میں شہر میں بلا لوں گا۔ صاحب! اب وہ ضرور آئیں گے۔ آخر کار ان سے اجازت لے کر اب تم کو لکھتا ہوں۔ کہ ان سے مختصر یہ کلمہ کہہ دو کہ بھائی یہ تو مبالغہ ہے کہ روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو۔ یہ کہتا ہوں کہ عید وہاں کرو تو باسی عید یہاں کرو۔ یہ میرا حال سنو کہ بے رزق جینے کا ڈھب مجھ کو آگیا ہے۔ ۲۱،

طرف سے خاطر جمع رکھنا۔ رمضان کا مہینہ روزے کھا کھا کر کاٹا، آئندہ خدا رازق ہے۔ کچھ اور کھانے کو نہ ملا تو غم تو ہے۔ بس ایک چیز کھانے کو ہوئی، اگرچہ غم ہی ہو تو پھر کیا غم ہے؟ میر سرفراز حسین کو میری طرف سے گلے لگانا اور پیار کرنا۔ میر نصیر الدین کو دعا کہنا اور شفیع احمد صاحب کو اور میر احمد علی صاحب کو سلام کہنا۔ میرن صاحب کو نہ سلام نہ دعا۔ یہ خط پڑھا دو اور ادھر کو روانہ کر دو۔

کیا خوب بات یاد آئی، کیوں وہ شہر سے باہر ٹھہریں؟ اور کیوں کسی کے بلانے کی راہ دیکھیں؟ شکرم میں، کرانچی میں، چوپہیے میں یعنی ڈاک میں آئیں، بلی ماروں کے محلے میں میرے مکان پر اتر پڑیں۔ میرزا باقر علی بیگ کے مکان میں مولوی مظہر علی رہتے ہیں۔ میرے ان کے مسکن میں ایک میر خیرات علی کی حویلی درمیان میں ہے۔ ڈاک کو زنہار کوئی نہیں روکتا۔ یہ صلاح تو ایسی ہے کہ اگر اس خط کے پہنچتے ہی چل دیں تو ابھی عید یہیں کریں۔

(۳ مئی ۱۸۵۹ء)

برخوردار کامگار میر مہدی!

"قطعہ تم نے دیکھا؟ سچ مچ میرا حلیہ ہے۔ واہ اب کیا شاعری رہ گئی ہے۔ جس وقت میں نے یہ قطعہ وہاں کے بھیجنے کے لیے لکھا، ارادہ تھا کہ خط میں لکھوں۔ لڑکوں نے ستایا کہ چلو دادا جان کھانا تیار ہے ہمیں بھوک لگی ہے۔ یہ خط اور رکھ رکھے تھے۔ میں نے کہا کہ اب کیا لکھوں۔ اسی کاغذ کو لفافے میں رکھ کر، ٹکٹ لگا کر سرنامہ لکھ، کلیان کے حوالے کر، گھر میں چلا گیا۔ اور ہاں ایک چھیڑ بھی تھی کہ دیکھوں، میرا میر مہدی خفا ہو کر کیا باتیں بناتا ہے۔ سو ہی ہوا۔ تم نے جلے پھپھولے پھوڑے۔ تو اب بتاؤ خط لکھنے بیٹھا ہوں۔ کیا لکھوں؟ یہاں کا حال زبانی میرن صاحب کے سن لیا ہوگا۔ مگر وہ جو کچھ تم نے سنا ہوگا بے اصل باتیں ہیں۔ پنسن کا مقدمہ کلکتہ میں نواب گورنر جنرل بہادر کے پیش نظر ہے۔ یہاں کے حاکم نے ایک روبکاری لکھ کر، اپنے دفتر میں رکھ چھوڑی۔ میرا اس میں کیا مزہ؟

یہاں تک لکھ چکا تھا کہ دو ایک آدمی آگئے۔ دن بھی تھوڑا رہ گیا۔ میں نے بکس بند کیا، باہر تختوں پر آ بیٹھا۔ شام ہوئی۔ چراغ روشن ہوا، منشی سید احمد حسین سرہانے کی طرف مونڈھے پر بیٹھے ہیں، میں پلنگ پر لیٹا ہوں کہ ناگاہ چشم و چراغ دودمان علم و یقین سید نصیر الدین آیا۔ ایک کوڑا ہاتھ میں اور ایک آدمی ساتھ، اس کے سر پر ٹوکرا اس پر گھاس ہری بچھی ہوئی۔ میں نے کہا۔ آہا! سلطان العلما مولانا سرفراز حسین دہلوی نے دوبارہ رسید بھیجی ہے۔ بارے معلوم ہوا کہ وہ نہیں ہے۔ یہ کچھ اور ہے فیض خاص نہیں لطف عام ہے۔ شراب نہیں آم ہے۔ خیر یہ عطیہ بھی بے خلل ہے بلکہ نعم البدل ہے۔ ایک ایک آم کو ایک ایک سر بہ مہر گلاس سمجھا، میوے سے بھرا ہوا۔ مگر واہ کس حکمت سے بھرا ہے کہ پینسٹھ گلاس میں سے ایک قطرہ نہیں گرا ہے۔ میاں کہتا تھا کہ یہ اسّی (۸۰) تھے، پندرہ بگڑ گئے بلکہ سڑ گئے۔ تا ان کی بُرائی اوروں میں سرایت نہ کرے، ٹوکرے میں سے پھینک دیئے۔ میں نے کہا۔ بھائی! یہ کیا کم ہے؟ مگر میں تمہاری تکلیف اور تکلف سے خوش نہیں ہوا۔ تمہارے پاس روپیہ کہاں ہے جو تم نے آم خریدے؟ خانہ آباد و دولت زیادہ۔

یکمہ ایک انگریزی ______ شراب ہوتی ہے، قوام کی بہت لطیف اور رنگت کی بہت خوب اور طعم کی ایسی میٹھی جیسا قند کا قوام پتلا۔ دیکھو اس لغت کے معنی کسی فرہنگ میں نہ پاؤ گے، ہاں فرہنگ سرور میں ہو تو ہو۔ مجتہد العصر اور حکیم میر اشرف علی لکھنؤ گئے، ان کے علم کی کتنی ہیں اور رنگے ٹکے کی کتابیں چالیس روپے کو لے گئے ہیں۔ میری دعا کہہ دینا۔"

(۶ جولائی ۱۸۵۹ء)

میری جان! خدا تم کو ایک سو بیس برس کی عمر دے!

"بوڑھا ہونے کو آیا۔ داڑھی میں بال سفید آگئے مگر بات کبھی نہ آئی" پنسن کے باب میں کیسے ہو اور کیا بے جا الجھے ہو۔ یہ تو جانتے ہو کہ دلی کے سب پنسن داروں کو مئی ۱۸۵۷ء مہینے سے پنسن نہیں ملا۔ یہ فروری ۱۸۵۹ء بائیسواں مہینہ ہے۔ چند اشخاص کو اس بائیس مہینے میں سال بھر کا روپیہ بہ طریق مدد خرچ مل گیا۔ باقی چڑھے ہوئے روپے کے باب میں اور آئندہ ماہ بہ ماہ ملنے کے واسطے ابھی کچھ حکم نہیں ہوا۔ تو اب اپنے سوال کو یاد کرو کہ اس واقعے سے اس کو کچھ نسبت ہے یا نہیں۔ یہ حضرت کا سوال امیر خسروؒ کی انمل ہے۔

"بھیل لبھرلا لے گئی تو کاہے سے چھیلوں راب"

علی بخش خان پچاس روپے مہینہ پاتے تھے۔ بائیس مہینوں کے گیارہ سو روپے ہوتے ہیں۔ ان کو چھ سو روپے مل گئے۔ باقی روپیہ چڑھا رہا۔ آئندہ ملنے میں کچھ کلام نہیں۔ غلام حسین خان سو روپے مہینے کا پنسن دار، بائیس مہینے کے بائیس سو روپے ہوتے ہیں۔ اس کو بارہ سو ملے۔ دیوان کشن لعل ڈیڑھ سو روپے، بائیس مہینے کے تینتیس سو ہوتے ہیں۔ اس کو اٹھارہ سو ملے۔ اس طرح پندرہ سولہ آدمیوں کو ملا ہے۔ آئندہ کے واسطے کسی کو کچھ حکم نہیں۔

مجھ کو پھر مدد خرچ نہیں ملا۔ جب کئی خط لکھے تو اخیر خط پر کمشنر بہادر نے حکم دیا کہ۔ "سائل کو بہ طریق مدد خرچ سو روپے مل جائیں۔" میں نے وہ سو روپے نہ لیے اور پھر کمشنر بہادر کو لکھا کہ میں باسٹھ روپے آٹھ آنے مہینہ پانے والا ہوں۔ سال بھر کے ساڑھے سات سو روپے ہوتے ہیں۔ سب پنسن داروں کو سال بھر کا روپیہ مل جائے۔ ابھی اس میں کچھ جواب نہیں ملا۔ آبادی کا یہ رنگ ہے کہ ڈھنڈورا پٹوا کر، ٹکٹ چھپوا کر، ایجرٹن صاحب بہادر بہ طریق ڈاک کلکتہ چلے گئے۔ دلی کے حقا جو باہر پڑے ہوئے ہیں، منہ کھول کر رہ گئے۔ اب جب وہ معاودت (واپسی) کریں گے۔ تب شاید آبادی ہو گی یا کوئی نئی صورت نکل آئے۔

میر سرفراز حسین اور میر نصیر الدین اور میرن صاحب کو دعائیں پہنچیں۔

(۱۴ فروری ۱۸۵۹ء)

سید صاحب!

نہ تم مجرم نہ میں گناہگار، تم مجبور میں ناچار!

نواب تم کہانی سنو، میری سرگزشت میری زبانی سنو۔ نواب مصطفےٰ خان بہ میعاد سات برس کے قید ہو گئے تھے۔ سوان کی تقصیر معاف ہوئی۔ اور ان کو رہائی ملی۔ صرف رہائی کا حکم آیا ہے۔ جہانگیر آباد کی زمینداری اور دلّی کی جائیداد اور پنسن کے باب میں ہنوز کچھ حکم نہیں ہوا۔ ناچار وہ رہا ہو کر میرٹھ ہی میں ایک دوست کے مکان میں ٹھہرے ہیں۔ میں بمجرد اس خبر کے استماع کے ڈاک میں بیٹھ کر میرٹھ گیا۔ ان کو دیکھا۔ چار دن وہاں رہا۔ پھر ڈاک میں اپنے گھر آیا۔ تاریخ یاد نہیں۔ مگر ہفتے کو گیا، منگل کو آیا۔ آج جمعہ دوم فروری ہے۔ مجھ کو آئے ہوئے نواں دن ہے۔ انتظار میں تھا کہ تمہارا خط آئے تو اس کا جواب لکھوں۔ آج صبح کو تمہارا خط آیا۔ دوپہر کو میں جواب لکھتا ہوں۔

روز اس شہر میں اک حکم نیا ہوتا ہے
کچھ سمجھ میں نہیں آتا ہے کہ کیا ہوتا ہے

میرٹھ سے آکر دیکھا کہ یہاں بڑی شدت ہے اور یہ حالت ہے کہ گوروں کی پاسبانی پر قناعت نہیں ہے۔ لاہوری دروازے کا تھانیدار مونڈھا بچھا کر سڑک پر بیٹھتا ہے۔ جو باہر سے گورے کی آنکھ بچا کر آتا ہے۔ اس کو پکڑ کر حوالات میں بھیج دیتا ہے۔ حاکم کے یہاں سے پانچ پانچ بید لگتے ہیں۔ یا دو روپے جرمانہ کیا جاتا ہے۔ آٹھ دن قید رہتا ہے۔ اس کے علاوہ سب تھانوں پر حکم ہے کہ دریافت کرو۔ کون بے ٹکٹ مقیم ہے۔ اور کون ٹکٹ رکھتا ہے۔ تھانوں میں نقشے مرتب ہونے لگے۔ یہاں کا جمعدار میرے پاس بھی آیا۔ میں نے کہا۔ بھائی! تو مجھے نقشے میں نہ رکھ۔ میری کیفیت عبارت الگ لکھ۔ عبارت یہ کہ ـــــ

"اسد اللہ خان پنسن دار ۱۸۵۰ء سے بلیماروں والے کے بھائی کی حویلی میں رہتا ہے۔ نہ کالوں کے وقت میں کہیں گیا۔ نہ گوروں کے زمانے میں نکلا اور نکالا گیا۔ کرنل براؤن صاحب بہادر کے زبانی حکم پر اس کی اقامت کا مدار ہے۔ اب تک کسی حاکم نے وہ حکم نہیں بدلا۔ اب حاکم وقت کو اختیار ہے"

پرسوں یہ عبارت جمعدار نے محلے کے نقشے کے ساتھ کوتوالی بھیج دی۔ کل سے یہ حکم نکلا کہ یہ لوگ شہر سے باہر مکان و دکان کیوں بناتے ہیں! جو مکان بن چکے ہیں۔ انہیں ڈھا دو اور آئندہ کی ممانعت کا حکم سنا دو۔ اور یہ بھی مشہور ہے کہ پانچ ہزار ـــــ ٹکٹ چھاپے گئے ہیں۔ جو مسلمان شہر میں اقامت چاہے بہ قدر مقدور نذرانہ دے۔ اس کا اندازہ قرار دینا حاکم کی رائے پر ہے۔ روپیہ دے اور ٹکٹ لے۔ گھر بربار ہو جائے ـــ آپ شہر میں آباد ہو جائے۔ آج تک یہ صورت ہے دیکھیے شہر کے بسنے کی کون صورت ہے۔ جو رہتے ہیں۔ وہ بھی اخراج کیے جاتے ہیں۔ یا جو باہر پڑے ہوئے ہیں۔ وہ شہر میں آتے ہیں؟ الملک للہ والحکم للہ۔

نور چشم میر سرفراز حسین اور برخوردار میر نصیر الدین کو دعا اور جناب میرن صاحب کو سلام بھی اور دعا بھی۔ اس میں سے جو وہ چاہیں قبول کریں۔

(فروری ۱۸۵۹ء)

میر مہدی! جیتے رہو!

آفریں! صد ہزار آفریں! اردو عبارت لکھنے کا کیا اچھا ڈھنگ پیدا کیا ہے کہ مجھ کو رشک آنے لگا۔

سنو! دلی کی تمام مال و متاع و زر و گوہر کی لوٹ پنجاب احاطے میں گئی ہے۔ یہ طرز عبارت خاص میری دولت تھی۔ سو ایک ظالم پانی پتی۔ انصاریوں کے محلے کا۔ رہنے والا لوٹ لے گیا۔ مگر میں نے اس کو بحل کیا۔ اللہ برکت دے!

میری پنسن اور ولایت کے انعام کا حال کماحقہ سمجھ لو۔

"و طرحان الطاف خفیۃ" ایک طرز خاص پر تحریک ہوئی۔ نواب گورنر جنرل بہادر نے حاکم پنجاب کو لکھا۔ کہ حاکم دہلی سے فلانے شخص کے پنسن کے کل چڑھے ہوئے روپے کے یک مشت پانے کی اور آئندہ ماہ بہ ماہ روپیہ ملنے کی رپورٹ منگوا کر اپنی منظوری لکھ کر ہمارے پاس بھیج دو تاکہ ہم حکم منظوری دے کر تمہارے پاس بھیج دیں۔ سو یہاں اس کی تعمیل فوراً بہ طرز مناسب ہو گی۔ کم و بیش دو مہینے میں روپیہ سب مل جائے گا۔

اور ہاں! صاحب کمشنر بہادر نے یہ بھی کہا کہ اگر تم کو ضرورت ہو تو سو روپیہ خزانے سے منگوا لو ـــ میں نے کہا۔

"صاحب! یہ کیسی بات ہوئی کہ اوروں کو برس دن کا روپیہ ملا اور مجھے سو روپیہ دلواتے ہو؟ فرمایا کہ تم کو اب چند روز میں سب روپیہ اور اجرا کا حکم مل جائے گا ـــ اوروں کو یہ بات برسوں میں میسر آئے گی۔ میں چپ ہو رہا ـــ آج دو شنبہ یکم شعبان اور ہفتم مارچ ہے۔ دوپہر ہو جائے تو اپنا آدمی مع رسید بھیج کر سو روپے منگا لوں۔ پیداد ولایت کے انعام کی توقع خدا ہی سے ہے۔ حکم تو اسی حکم کے ساتھ اسی کی رپورٹ کرنے کا بھی آیا ہے۔ مگر یہ بھی حکم ہے کہ اپنی رائے لکھو۔ اب دیکھیے کہ یہ دو حاکم۔ یعنی حاکم دہلی اور حاکم پنجاب اپنی رائے کیا لکھتے ہیں۔ پنجاب کے گورنر بہادر کا یہ بھی حکم ہے کہ دستنبو منگا کر اور تم دیکھ کر ہم کو لکھو کہ وہ کیسی ہے اور اس میں کیا لکھا ہے۔ چنانچہ حاکم دہلی نے ایک کتاب یہی کہہ کر مجھ سے مانگی اور میں نے دے دی۔ اب دیکھو حاکم پنجاب کیا لکھتا ہے۔ اس وقت تمہارا ایک خط اور یوسف مرزا کا ایک خط آیا۔ مجھ کو باتیں کرنے کا مزہ ملا۔ تو دونوں کا جواب ابھی لکھ کر روانہ کیا۔ اب میں روٹی کھانے جاتا ہوں۔ میر سرفراز حسین۔ میرن صاحب، میر نصیر الدین کو دعا۔

(دو شنبہ، ۷ مارچ ۱۸۵۹ء)

مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے۔ اس چرخ کج رفتار کا برا ہو۔ ہم نے اس کا کیا بگاڑا تھا؟ ملک و مال۔ جاہ و جلال کچھ نہیں رکھتے تھے۔ ایک گوشہ و توشہ تھا۔ چند مفلس و بے نوا ایک جگہ فراہم ہو کر

ہنس بول لیتے تھے :۔

سو بھی نہ تو کوئی دم دیکھ سکا اے فلک!
اور تو یاں کچھ نہ تھا ایک مگر دیکھنا

یہ شعر میر درد کا ہے۔ کل سے مجھ کو میکش بہت یاد آتا ہے۔ بھو صاحب! اب تم ہی بتاؤ کہ میں تم کو کیا لکھوں؟ وہ صحبتیں اور تقریریں جو یاد کرتے ہو۔ اور تو کچھ بن نہیں آتی، مجھ سے خط پر خط لکھواتے ہو۔ آنسوؤں سے پیاس نہیں بجھتی۔ یہ تحریر تلافی اس تقریر کی نہیں کر سکتی۔ بہرحال کچھ لکھتا ہوں۔ دیکھو کیا لکھتا ہوں۔

سنو! پنشن کی رپورٹ کا ابھی کچھ حال معلوم نہیں۔

دیر آید درست آید۔

بھئی! میں تم سے بہت آزردہ ہوں۔ میرن صاحب کی تندرستی کے بیان میں نہ اظہار مسرت، نہ مجھ کو تہنیت۔ بلکہ اس طرح سے لکھا گیا ہے۔ کہ گویا ان کا تندرست ہونا تم کو ناگوار ہوا ہے۔ لکھتے ہو کہ میرن صاحب ویسے ہی ہو گئے جیسے آگے تھے۔ اچھلتے کودتے پھرتے ہیں۔ اس کے یہ معنی کہ ”ہے ہے۔ کیا غضب ہوا! یہ کیوں اچھے ہو گئے؟“ یہ باتیں تمہاری ہم کو پسند نہیں آئیں۔ تم نے میر کا وہ مقطع سنا ہوگا۔ بہ تغیر الفاظ لکھتا ہوں۔

کیوں نہ میرن کو مغتنم جانوں
دلی والوں میں اک بچا ہے یہ

میر تقی کا مقطع یوں ہے۔

میر کو کیوں نہ مغتنم جانوں
اگلے لوگوں میں اک رہا ہے یہ

میر کی جگہ میرن اور رہا کی جگہ بچا۔ کیا اچھا تصرف ہے! اے میاں! تم نے کچھ اور بھی سنا۔ کل یوسف مرزا کا خط لکھنؤ سے آیا۔ وہ لکھتا ہے۔ کہ نصیر خان عرف نواب جان ولد الدان کا دائم الحبس ہو گیا۔ حیران ہوں کہ یہ کیسی آفت آئی ہے۔ یوسف مرزا تو جھوٹ کاہے کو کہے گا۔ خدا کرے اس نے جھوٹ سنا ہو۔

لو بھئی! اب تم چاہو بیٹھے رہو۔ چاہو اپنے گھر جاؤ۔ میں تو روٹی کھانے جاتا ہوں۔ اندر باہر سب روزہ دار ہیں۔ یہاں تک کہ بڑا لڑکا باقر علی خاں بھی۔ صرف ایک میں اور ایک میرا بیٹا حسین علی خان یہ ہم روزہ خوار ہیں۔ وہی حسین علی خان جس کا روز مرہ ہے۔ کھلونے منگا دو۔ میں بھی بجار جاؤں گا۔ میر سرفراز حسین کو دعا پہنچے۔

(۳؍اپریل ۱۸۵۹ء)

خوبی دین و دنیا روزی باد!

میر اشرف علی نے تمہارا خط دیا۔ وہ جو تم نے لکھا تھا۔ کہ تیرا خط میرے نام کا میرے ہم نام کے ہاتھ جا پڑا۔ صاحب قصور تمہارا ہے۔ کیوں ایسے شہر میں رہتے ہو۔ جہاں دوسرا میر مہدی بھی ہو۔ مجھ کو دیکھو کہ میں کب سے دلی میں رہتا ہوں۔

نہ کوئی اپنا ہم نام ہونے دیا۔ نہ کوئی اپنا ہم عرف بننے دیا، نہ ہم تخلص بہم پہنچایا۔ فقط۔

پنسن کی صورت یہ ہے کہ کوتوال سے کیفیت طلب ہوئی۔ اس نے اچھی لکھی۔ کل ہفتے کا دن ساتویں اگست کی مجھ کو اجرٹن صاحب بہادر نے بلایا۔ کچھ سہل سوال مجھ سے کیے۔ اب ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تنخواہ ملے اور جلد ملے۔ تردد اگر ہے تو اس میں ہے کہ پندرہ مہینے پچھلے بھی ملتے ہیں۔ یا صرف آئندہ کو مقرر ہوتی ہے۔

غلام فخرالدین خاں کی دو ایک روبکاریاں ہوئی ہیں۔ صورت اچھی ہے۔ خدا چاہے تو رہائی ہو جائے۔

صاحب! ہم نے گھبرا کر اس تحریر فارسی کو تمام کیا۔ دفتر بند کر دیا اور یہ لکھ دیا کہ یکم اگست ۱۸۵۸ء تک میں نے پندرہ مہینے کا حال لکھا۔ اور آئندہ لکھنا موقوف کیا۔ تم کو آگے اس سے لکھا تھا۔ کہ تم اپنے اوراق کا فقرۂ اخیر لکھ بھیجو۔ اب پھر تم کو لکھا جاتا ہے کہ جلد لکھو تاکہ میں اس سے آگے کی عبارت تم کو لکھ کر بھیج دوں۔

ہاں صاحب! میر اشرف علی صاحب یہ بھی فرماتے تھے کہ میر سرفراز حسین نی پت آیا چاہتے ہیں۔ اگر آ جائیں تو مجھ کو اطلاع کرنا۔

(۸؍ اگست ۱۸۵۸ء)

سید صاحب!

تمہارے خط کے آنے سے وہ خوشی ہوئی۔ جو کسی دوست کے دیکھنے سے ہو۔ لیکن زمانہ وہ آیا ہے کہ ہماری قسمت میں خوشی ہی نہیں۔ خط سے معلوم ہوا۔ تو کیا معلوم ہوا، کہ ڈھائی سو روپئے۔ ان دنوں میں ڈھائی روپے بھی بھاری ہیں۔ ڈھائی سو کیسے؟ سبحان اللہ! باوجود اس تہی دستی کے پھر بھی کہنا پڑتا ہے کہ روپے گئے بلا سے۔ آبرو بچی۔ اب میر سرفراز حسین کو چاہیے کہ الور چلے جائیں۔ شاید نئے بندوبست میں کوئی صورت نوکری کی نکل آئے۔ میری دعا کہو اور یہ کہو کہ اپنا حال اور اپنا قصہ اپنے ہاتھ سے مجھ کو لکھیں۔ پنسن کا حال کچھ معلوم ہوا ہو۔ تو کہوں۔ حاکم خط کا جواب نہیں لکھتا۔ عملے میں ہر چند تفحص کیجیے کہ ہمارے خط پر کیا حکم ہوا۔ کوئی کچھ نہیں بتاتا۔ بہرحال اتنا سنا ہے۔ اور دلائل و قرائن سے معلوم ہوا ہے کہ میں بے گناہ قرار پایا ہوں۔ اور ڈپٹی کمشنر بہادر کی رائے میں پنسن پانے کا استحقاق رکھتا ہوں۔ بس اس سے زیادہ نہ مجھے معلوم۔ نہ کسی کو خبر۔

میاں! کیا باتیں کرتے ہو! میں کتابیں کہاں سے چھپواتا؟ روٹی کھانے کو نہیں، شراب پینے کو نہیں، جاڑے آئے ہیں۔ لحاف توشک کی فکر ہے۔ کتابیں کیا چھپواؤں گا؟ منشی امید سنگھ اندور والے دلی آئے تھے۔ سابقہ معرفت مجھ سے نہ تھا۔ ایک دوست ان کو گھر میرے لے آیا انہوں نے وہ نسخہ دیکھا۔ چھپوانے کا قصد کیا۔ آگرے میں میرا شاگرد رشید منشی ہرگوپال تفتہ تھا اس کو میں نے لکھا۔ اس نے اس اہتمام کو اپنے ذمے لیا، مسودہ بھیجا گیا۔ آٹھ آنے فی جلد قیمت ٹھہری۔ پچاس جلد میں منشی امید سنگھ نے لیں۔ پچیس روپے چھاپے خانے میں بطور ہنڈوی بھجوا دیئے۔ صاحب مطبع نے بقول منشی ہرگوپال تفتہ چھاپنا

شروع کیا۔ آگرے کے حکام کو دکھایا۔ اجازت چاہی۔ حکام نے بہ کمالِ خوشی اجازت دی۔ پانسو جلد چھاپی جاتی ہے اس پچاس جلد میں سے شاید پچیس جلد منشی امید سنگھ مجھ کو دیں گے۔ میں عزیزوں کو بانٹ دوں گا۔ پرسوں خط تفتہ کا آیا تھا۔ وہ لکھتے ہیں کہ ایک فرمہ چھپنا باقی رہا ہے۔ یقین ہے کہ اسی اکتوبر میں قصہ تمام ہو جائے۔ بھائی! میں نے ۱۱ مئی ۱۸۵۷ء سے اکتیسویں جولائی ۱۸۵۸ء تک کا حال لکھا ہے۔ اور خاتمے میں اس کی اطلاع دے دی ہے۔

امین الدین خان کو جاگیر ملنے کا حال اور بادشاہ کی روانگی کا حال کیوں کر لکھتا؟ ان کو جاگیر اگست میں ملی۔ بادشاہ اکتوبر میں گئے۔ کیا کرتا اگر تحریر موقوف نہ کرتا؟ منشی امید سنگھ اندور جانے والے تھے اگر ختم کر کے مسودہ ان کے سامنے آگرہ نہ بھیج دیتا تو پھر چھپواتا کون؟

اہلِ خطہ کا حال اندورے تفصیل مجھ کو کیوں کر معلوم ہو۔ سنتا ہوں کہ دعوائے خون پیش کیا چاہتے ہیں۔ سودا ہو گیا ہے۔ مسودہ ہو رہا ہے۔ بلیک صاحب کے جے پور میں ٹکڑے اڑ گئے۔ گورنمنٹ مدعی نہ ہوئے۔ قصاص نہ لیا۔ اب ایک ہندوستانی کے خون کا قصاص کون لے گا؟

اے سبزۂ سُردہ از جورِ پا چہ نالی
در کیشِ روزگاراں گلِ خوں بہا ندارد

خیر جو ہونا ہے۔ ہو رہے گا۔ بعد وقوع ہم بھی سن لیں گے۔ تم اتنا کیوں دل جلا رہے ہو؟

(اکتوبر ۱۸۵۸ء)

"میری جان! وہ پارسی قدیم جو ہوشنگ و جمشید و کیخسرو کے عہد میں مروج تھی۔ اس میں خُر بہ خائے مضموم نورِ قاہر کو کہتے ہیں۔ اور چونکہ پارسیوں کی دید و دانست میں بعد خدا کے آفتاب سے زیادہ کوئی بزرگ نہیں ہے ـــــ اسی واسطے آفتاب کو خُر لکھا۔ شید کا لفظ بڑھا دیا۔ شید بہ شین مکسورہ و یائے معروف بروزن عید روشنی کو کہتے ہیں۔ یعنی یہ اُس نورِ قاہر ایزدی کی روشنی ہے۔ خُر اور شید یہ دونوں اسم آفتاب کے ٹھہرے۔ جب عرب و عجم مل گئے تو اکابر عرب نے کہا۔ کہ وہ منبع علوم ہوئے۔ واسطے دفع التباس کے خُر میں واو معدولہ بڑھا کر خور لکھنا شروع کیا۔ ہر آئینہ متاخرین نے اس قاعدے کو پسند کیا۔ اور منظور کیا اور فی الحقیقت یہ قاعدہ بہت مستحسن ہے۔ فقیر جہاں خُر بے اضافۂ لفظ شید لکھتا ہے موافق قانون علمائے عرب بہ واو معدولہ لکھتا ہے۔ یعنی خور اور جہاں بہ اضافۂ لفظ شید لکھتا ہے۔ وہاں بہ پیروی بزرگان پارسی مرز بوم لفظ خور کو بے واو لکھتا ہے۔ یعنی خرشید خُر کا قافیہ ذرہ اور بہ کے سلک جائز اور روا ہے۔

خور میں نے دو چار جگہ باندھا ہوگا۔ وہاں میں بے واو کیوں لکھوں؟ رہا خورشید؟ چاہو بے واو لکھو۔ چاہو مع الواو کو غلط نہیں جانتا اور خُر کو کبھی بے واو نہ لکھوں گا۔ قافیہ ہو یا نہ ہو۔ یعنی نظم میں وسطِ شعر میں آپڑے یا نثر کی عبارت میں واقع ہو۔ خور لکھوں گا۔

یہ بات بھی تم کو معلوم رہے کہ جس طرح خُر ترجمہ قاہر کا ہے۔ اسی طرح جم ترجمہ قادر کا ہے۔ کہ بہ اضافۂ لفظ شید۔ اسم شہنشاہ وقت قرار پایا ہے۔ مجتہد العصر میر سرفراز حسین کو دعا پہنچے۔ سچ کہیے۔ کہیں وہاں کوئی مجتہد العصر نہ کہتا ہوگا؟ نہ کہو۔ تم کو کیا؟ میں نے کہا۔ تم نے مان لیا۔ اب کوئی کہے یا نہ کہے۔ میاں بدرالدین سے ایک مہر کھدوا دوں گا۔

"جناب مجتہد العصر میر سرفراز حسین"

بس تم یہ مہر خطوں پر۔ محضروں پر۔ تمسکوں پر کرنی شروع کرنا۔ سب کے سب تم کو مجتہد العصر کہنے لگیں گے۔

حکیم میر اشرف علی کو اور ان کے فرزند کو دعا پہنچے۔ میرن صاحب کو دعا پہنچے۔ بھائی میرن! اب وہ خس کا پردہ کھول ڈالا۔ صافیاں جھجر پہ لپیٹا ہوں۔ دم بدم بھگوتا ہوں۔ وہ لُو کہاں جو پردے سے لپٹ کر ہوا آتی کو لگے۔ اور پانی کو ٹھنڈا کرے۔ وہ پانی جو میر مہدی اور تم اور حکیم جی پیا کیے ہو۔ اب کہاں؟ شراب پندرہ دن کی اور باقی ہے۔ آئندہ خدا رزاق ہے۔

(۲؍ جولائی ۱۸۶۱ء)

ہاں صاحب! تم کیا چاہتے ہو؟ مجتہد العصر کے مسودے کو اصلاح دے کر بھیج دیا۔ اب اور کیا لکھوں؟ تم میرے ہم عمر نہیں جو سلام لکھوں۔ میں فقیر نہیں۔ جو دعا لکھوں؟ تمہارا دماغ چل گیا ہے۔ لفافے کو کریدا کرو۔ مسودے کو۔ کاغذ کو بار بار دیکھا کرو۔ پاؤ گے کیا؟ یعنی تم کو وہ محمد شاہی روشیں پسند ہیں۔

یہاں خیریت ہے۔ وہاں کی عافیت مطلوب ہے۔ خط تمہارا بہت دن کے بعد پہنچا۔ جی خوش ہوا۔ مسودہ بعد اصلاح کے بھیجا جاتا ہے۔ برخوردار میر سرفراز حسین کو دینا۔ اور دعا کہنا اور ہاں حکیم میر اشرف علی اور میر افضل علی کو بھی دعا کہنا۔ لازمۂ سعادت مندی یہ ہے کہ ہمیشہ اسی طرح خط بھیجتے رہو۔ کیوں سچ کہو۔ اگلوں کے خطوط کی تحریر کی یہی طرز تھی؟

ہائے! کیا اچھا شیوہ ہے۔ جب تک یوں نہ لکھو۔ وہ خط ہی نہیں ہے چاہ بے آب ہے۔ ابر بے باراں ہے۔ نخل بے میوہ ہے۔ خانہ بے چراغ ہے۔ چراغ بے نور ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ ہم زندہ ہیں۔ امر ضروری کو لکھ لیا۔ تمدادنہ کو اور وقت پر موقوف رکھا۔ اور اگر تمہاری خوشنودی اسی طرح کی نگارش پر منحصر ہے۔ تو بھائی! ساڑھے تین سطریں ویسی بھی میں نے لکھ دیں۔ کیا نماز قضا نہیں پڑھتے؟ ـــ اور وہ مقبول نہیں ہوتی؟ خیر ہم نے بھی وہ عبارت جو مسودے کے ساتھ لکھنی تھی۔ اب لکھ بھیجی۔ قصور معاف کرو خفا نہ ہو۔

میر نصیر الدین ایک بار آئے تھے۔ پھر نہ آئے۔ نثر فارسی نئی کیسی میں نے کہاں لکھی کہ تمہارے چچا کو یا تم کو بھیج دوں؟ نواب فیض محمد خاں کے بھائی حسن علی خاں مر گئے۔ حامد علی خاں سے ایک لاکھ تیس ہزار کئی سو روپے کی ڈگری بادشاہ پر ہو گئی کلو داروغہ بیمار ہو گیا تھا۔ آج اس نے غسلِ صحت کیا۔ باقر علی خاں کو مہینہ بھر سے تپ آتی ہے۔ حسین علی خاں کے گلے میں دو غدود ہو گئے ہیں۔ شہر چپ چاپ۔ نہ کہیں پھاوڑا بجتا ہے نہ سرنگ لگا کر کوئی مکان اڑایا جاتا ہے۔ نہ آہنی سڑک آتی ہے۔ نہ کہیں دمدمہ بنتا

ہے۔ دلی شہر شہر خموشاں ہے۔ کاغذ نبڑ گیا ورنہ تمہارے دل کی خوشی کے واسطے اور لکھتا ابھی۔

(یک شنبہ ۲۲ ستمبر ۱۸۶۱ء)

سید صاحب!

کل پہر دن رہے تمہارا خط پہنچا یقین ہے کہ اسی وقت یا شام کو میر سرفراز حسین تمہارے پاس پہنچ گئے ہوں گے۔ حال سفر کا جو کچھ ہے ان کی زبانی سن لو گے۔ میں کیا لکھوں؟ میں نے بھی جو کچھ سنا ہے انہیں سے سنا ہے۔ ان کا اس طرح ناکام پھر آنا میری تمنا اور میرے مقصود کے خلاف ہے۔ لیکن میرے عقیدے اور میرے تصور کے مطابق ہے۔ میں جانتا تھا۔ کہ وہاں کچھ نہ ہوگا۔ سو روپے کی ناحق زیر باری ہوئی۔ چونکہ یہ زیر باری میرے بھروسہ پر ہوئی تو مجھے شرم ساری ہوئی۔ میں نے اس چھیاسٹھ برس کی عمر میں اس قسم کی شرم ساریاں اور روسیاہیاں بہت اٹھائی ہیں۔ جہاں ہزار داغ ہیں۔ ایک ہزار ایک سہی۔ میر سرفراز حسین کی زیر باری سے دل کڑھتا ہے۔

وبا کو کیا پوچھتے ہو؟ قدر انداز قضا کے ترکش میں یہ بھی ایک تیر باقی تھا۔ قتل ایسا عام۔ لوٹ ایسی سخت۔ کال ایسا پڑا۔ وبا کیوں کر نہ ہو؟ "لسان الغیب" نے دس برس پہلے فرمایا ہے۔

ہو چکیں غالب بلائیں سب تمام
ایک مرگ ناگہانی اور ہے

میاں ۱۲۷۷ھ کی بات غلط نہ تھی۔ میں نے وبائے عام میں مرنا اپنے لائق نہ سمجھا۔ واقعی اس میں میری کسرِ شان تھی۔ بعد رفع فساد ہوا۔ سمجھ لیا جائے گا۔

"کلیاتِ اردو" کا چھاپہ تمام ہوا۔ اغلب کہ اسی ہفتے میں غایت اس مہینے میں ایک نسخہ بہ سبیل ڈاک تم کو پہنچ جائے گا۔

کلیات نظم فارسی کے چھاپنے کی بھی تدبیر ہو رہی ہے۔ اگر ڈول بندھ گیا۔ تو وہ بھی چھاپہ جائے گا۔ قاطع برہان کے خاتمے میں کچھ فوائد بڑھائے گئے ہیں۔ اگر مقدور مساعدت کرے گا۔ تو میں بے شرکت غیرے اس کو چھپواؤں گا۔ مگر یہ خیال محال ہے۔ میرے مقدور کی تیاری کا حال مجتہد العصر کو معلوم ہے۔ "واللہ علیٰ کلِ شئی قدیر۔"

خدا کا بندہ ہوں۔ علی کا غلام۔ میرا خدا کریم۔ میرا خداوند سخی۔

"علی دارم چہ غم دارم"

وبا کی آنچ مدھم ہو گئی ہے۔ پانچ سات دن بڑا شور رہا۔ پرسوں خواجہ مرزا ولد خواجہ امان مع اپنی بی بی بچوں کے دلی میں آیا۔ کل رات کو اس کا نو برس کا لڑکا ہیضہ کر کے مر گیا۔ "انا للہ وانا الیہ راجعون۔" الور میں بھی وبا ہے۔

الگزنڈر ہیدرلے مشتہر بہ الک صاحب مر گیا۔ واقعی بے تکلف وہ میرا عزیز اور ترقی خواہ اور راجہ میں اور مجھ میں متوسط تھا۔ اس جرم میں ماخوذ ہو کر مرا؟ خیر! یہ عالم اسباب ہے۔ اس کے حالات سے ہم کو کیا؟

(جمعہ ۱۷ محرم ۷۸ھ ۲۶ جولائی ۱۸۶۱ء)

جانِ غالب!

اب کے ایسا بیمار ہو گیا تھا۔ کہ مجھ کو خود افسوس تھا۔ پانچویں دن غذا کھائی۔ اب اچھا ہوں۔ تندرست ہوں۔ ذی الحجہ ۱۲۷۶ھ تک کچھ کھٹکا نہیں ہے۔ محرم کی پہلی تاریخ سے اللہ مالک ہے۔ میر نصیر الدین آئے۔ کئی بار۔ میں نے ان کو دیکھا نہیں۔ اب کی بار دو دن مجھ کو غفلت بہت رہی۔ اکثر احباب کے آنے کی خبر نہیں ہوئی۔ جب سے اچھا ہوا ہوں۔ سید صاحب نہیں آئے۔ تمہاری آنکھوں کے غبار کی وجہ یہ ہے۔ کہ جو مکان دلی میں ڈھائے گئے۔ اور جہاں جہاں سڑکیں نکلیں۔ جتنی گرد اڑی۔ اس کو آپ نے از راہ محبت اپنی آنکھوں میں جگہ دی۔ بہرحال اچھے ہو جاؤ اور جلد آؤ۔

مجتہد العصر میر سرفراز حسین کا خط آیا تھا۔ میں نے میرن صاحب کی آزردگی کے خوف سے اس کا جواب نہیں لکھا۔ یہ رقعہ ان دونوں صاحبوں کو پڑھا دینا کہ میر سرفراز حسین صاحب اپنے خط کی رسید سے مطلع ہو جائیں۔ اور میرن صاحب میرے پاس الفت پر خبر پائیں۔

(چہار شنبہ ۶ جون ۱۸۶۰ء)

جانِ غالب!

تمہارا خط پہنچا۔ غزل اصلاح کے بعد پہنچی ہے۔

"ہر اک سے پوچھتا ہوں وہ کہاں ہے:

مصرع بدل دینے سے یہ شعر کس رتبے کا ہو گیا؟

اے میر مہدی! تجھے شرم نہیں آتی۔

"میاں یہ اہل دہلی کی زبان ہے۔"

ارے! اب اہل دہلی یا ہندو ہیں یا اہلِ حرفہ ہیں۔ یا خاکی ہیں۔ یا پنجابی ہیں یا گورے ہیں۔ ان میں سے تو کس کی زبان کی تعریف کرتا ہے؟ لکھنؤ کی آبادی میں کچھ فرق نہیں آیا۔ ریاست تو جاتی رہی۔ باقی ہر فن کے کامل لوگ موجود ہیں۔ خس کی ٹٹی، پُروا ہوا اب کہاں؟ وہ لطف تو اسی مکان میں تھا۔ اب میر خیراتی کی حویلی میں وہ جہت وضعت بدلی ہوئی ہے۔ بہر حال می گزرد۔

مصیبت عظیم یہ ہے۔ کہ قاری کا کنواں بند ہو گیا۔ لال ڈگی کے کنویں یک قلم کھاری ہو گئے۔ خیر کھاری ہی پانی پیتے۔ گرم پانی نکلتا ہے: پرسوں میں سوار ہو کر کنوؤں کا حال معلوم کرنے گیا تھا۔ مسجد جامع ہوتا ہوا راج گھاٹ دروازے کو چلا۔ مسجد جامع سے راج گھاٹ دروازے تک بے مبالغہ ایک صحرا لق و دق ہے۔ اینٹوں کے ڈھیر جو پڑے ہیں۔ وہ اگر اٹھ جائیں۔ تو ہو کا مکان ہو جائے۔ یاد کرو۔ مرزا گوہر کے باغیچے کے اس جانب کو کئی بانس نشیب تھا۔ اب وہ باغیچے کے صحن کے برابر ہو گیا۔ یہاں تک کہ راج گھاٹ کا دروازہ بند ہو گیا۔ فصیل کے کنگورے کھلے رہے ہیں۔ باقی سب اٹ گیا۔ کشمیری دروازے کا حال تم دیکھ گئے ہو۔ اب آہنی سڑک کے واسطے کلکتہ دروازے سے کابلی دروازے تک میدان ہو گیا۔ پنجابی کٹرہ، دھوبی واڑہ، رام جی گنج، سعادت خاں کا کٹرہ، جرنیل کی بی بی کی حویلی، رام جی داس گودام والے کے مکانات، صاحب رام کا باغ، حویلی۔ ان میں سے کسی کا پتہ نہیں ملتا۔ قصہ مختصر، شہر صحرا ہو گیا تھا۔ اب جو کنویں جاتے رہے اور پانی گوہرِ نایاب

ہو گیا۔ تو یہ صحرا صحرائے کربلا ہو جائے گا۔ اللہ اللہ دلّی نہ رہی۔ دلّی والے اب تک یہاں کی زبان کو اچھا کہے جاتے ہیں۔ واہ رے حسن اعتقاد۔ ارے بندۂ خدا! اردو بازار نہ رہا۔ اردو کہاں؟ دلی کہاں؟ واللہ اب شہر نہیں ہے۔ کیمپ ہے، چھاؤنی ہے، نہ قلعہ، نہ شہر، نہ بازار، نہ نہر الور کا حال کچھ اور ہے۔ مجھے اور انقلاب سے کیا کام؟ الکزنڈر ہڈرلے کا کوئی خط نہیں آیا۔ ظاہرا ان کی مصاحبت نہیں ورنہ مجھ کو ضرور خط لکھتا رہتا۔ میر سرفراز حسین اور میرن صاحب اور میر نصیر الدین کو دعا کہنا۔”

(۷، جون ۱۸۶۱ء)

بھائی!

کیا پوچھتے ہو۔ کیا لکھوں؟ دلی کی ہستی منحصر کئی ہنگاموں پر ہے۔ قلعہ، چاندنی چوک، ہر روز مجمع مسجد کا، ہر ہفتے سیر جمنا کے پل کی۔ ہر سال میلہ پھول والوں کا۔ یہ پانچوں باتیں اب نہیں، پھر کہو دلی کہاں؟ ہاں کوئی شہر قلمرو ہند میں اس نام کا تھا۔ نواب گورنر جنرل بہادر ۱۵ر دسمبر کو یہاں داخل ہوں گے۔ دیکھیے کہاں اترتے ہیں، اور کیوں کر دربار کرتے ہیں۔ آگے کے درباروں میں سات جاگیردار تھے کہ ان کا الگ الگ دربار ہوتا تھا۔ جھجر، بہادر گڑھ، بلب گڑھ، فرخ نگر، دوجانہ، پاٹودی، لوہارو۔ چار معدوم محض ہیں۔ جو باقی رہے اس میں سے دوجانہ و لوہارو تحت حکومت ہانسی حصار، پاٹودی حاضر۔ اگر ہانسی حصار کے صاحب کلکٹر بہادر ان دونوں کو یہاں لے آئے۔ تو تین رئیس، ورنہ ایک رئیس۔ دربار عام والے مہاجن لوگ سب موجود اہل اسلام میں سے صرف تین لوگ باقی ہیں۔ میرٹھ میں مصطفٰے خاں۔ سلطان جی میں مولوی صدرالدین۔ بلی ماروں میں سگ دنیا موسوم بہ اسد۔ تینوں مردود و محروم و مغموم۔

توڑ بیٹھے جبکہ ہم جام و سبو پھر ہم کو کیا
آسماں سے بادۂ گلفام گو برسا کرے

تم آتے ہو چلے آؤ۔ جاں نثار کے چھتے کی سڑک۔ خاں چند کے کوچے کی سڑک دیکھ جاؤ۔ بلاقی بیگم کے کوچے کا ڈھینا۔ جامع مسجد کے گرد ستر ستر گز گول میدان نکلا سن جاؤ۔ غالب افسردہ دل کو دیکھ جاؤ۔ چلے جاؤ۔ مجتہد العصر میر سرفراز حسین کو دعا۔ حکیم الملک حکیم میر اشرف علی کو دعا۔ قطب الملک میر نصیر الدین کو دعا، یوسف ہند میر افضل علی کو دعا۔”

(مرقومہ صبح جمعہ ۱۶ر جمادی الاوّل ۲ر دسمبر سال حال ۱۲۷۶ھ ۱۸۵۹ء)

میاں! کیوں ناسپاسی و حق ناشناسی کرتے ہو؟ چشم بیمار ایسی چیز ہے کہ جس کی کوئی شکایت کرے۔ تمہارا منہ چشم بیمار کے لائق کہاں؟ چشم بیمار میرن صاحب قبلہ کی آنکھ کو کہتے ہیں۔ جس کو اچھے اچھے عارف دیکھتے رہتے ہیں۔ تم گنوار چشم بیمار کو کیا جانو؟

خیر ہنسی ہو چکی۔ اب حقیقت مفصل لکھو۔ تم تو زحیر کی عادت رکھتے ہو۔ عوارض چشم سے تم کو کیا علاقہ؟ میرے نور چشم کی آنکھ کیوں دکھی؟

دریہ بال بال بچ گیا۔ جو اس کے خلاف کہے۔ اس کو غلط جانتا۔ میں نے خط تمہیں جان کر نہیں لکھا۔ تم نے لکھا تھا کہ بعد عید میں وہاں آؤں گا

مجھ کو خط لکھنے میں تامل ہوا۔ لکھتے کچھ ہو۔ کرتے کچھ ہو؟
تنخواہ کی سنو!

تین برس کے روپے دو ہزار دو سو پچاس روپے ہوئے۔ سو مدد خرچ کے جو پائے تھے۔ وہ کٹ گئے۔ ڈیڑھ سو عملہ فعلہ کی نذر ہوئے۔ مختار کار دو ہزار لایا۔ چوں کہ میں اس کا قرض دار ہوں روپے اس نے اپنے گھر میں رکھے اور مجھ سے کہا کہ میرا حساب کیجیے۔ حساب کیا۔ سود مول۔ سات کم پندرہ سو روپے ہوئے۔ میں نے کہا، میرے قرض متفرق کا حساب کر۔ کچھ اوپر گیارہ سو روپے نکلے۔ میں کہتا ہوں۔ یہ گیارہ سو روپے بانٹ دے۔ نو سو بچے۔ آدھے تو لے، آدھے مجھے دے دے۔ وہ کہتا ہے پندرہ سو مجھ کو دو۔ پانسو سات تم لو۔ یہ جھگڑا مٹ جائے گا۔ تب کچھ ہاتھ آئے گا۔ خزانے سے روپیہ آگیا ہے۔ میں نے آنکھ سے دیکھا ہو۔ تو آنکھیں پھوٹیں۔ بات رہ گئی۔ پت رہ گئی۔ حاسدوں کو موت آگئی۔ دوست شاد ہو گئے۔ میں جیسا ننگا بھوکا ہوں۔ جب تک جیوں گا۔ ایسا ہی رہوں گا۔ میرا دار و گیر سے بچنا معجزۂ اسد اللہی ہے۔ ان پیسوں کا ہاتھ آنا عطیۂ ید اللّٰہی ہے۔ حاکم شہر لکھ دے۔ کہ یہ شخص ہرگز پنشن پانے کا مستحق نہیں۔ حاکم صدر مجھ کو پنشن دلوائے اور پورا دلوائے؟

میرن صاحب کو دعا کہتا ہوں۔ اور مزاج کی خبر پوچھتا ہوں۔ جو اب تم کی تمہ کی۔ جواب عربی عربی جو انھوں نے لکھا۔ وہ میں نے بھی لکھا۔ مجتہد العصر کو بندگی لکھوں۔ دعا لکھوں، کیا لکھوں؟ نہیں بھئی! وہ مجتہد ہوں۔ ہوا کریں۔ میرے تو فرزند ہیں۔ میں تو دعا ہی لکھوں گا اور اسی طرح میر نصیر الدین کو بھی دعا۔

(یکم مئی ۱۸۶۰ء)

میری جان!

تم کو تو بے کاری میں خط لکھنے کا ایک شغل ہے۔ قلم دوات لے بیٹھے۔ اگر خط پہنچا ہے۔ تو جواب۔ ورنہ شکوہ و شکایت و عتاب و خطاب لکھنے لگے۔

حکیم اشرف علی آئے تھے سر منڈوا ڈالا ہے۔ محلقین رؤسکم پر عمل کیا ہے۔ میں نے کہا کہ سر منڈوایا ہے تو ڈاڑھی رکھو۔ کہنے لگے۔

”دامن از کجا آرم کہ جامہ ندارم“

واللہ ان کی صورت قابل دیکھنے کے ہے۔ کہتے تھے کہ میر احمد علی صاحب آگئے بہ حال و برقرار ہے۔ خدا کا شکر بجا لایا۔ کبھی تو ایسا بھی ہو کہ کسی عزیز کی اچھی خبر سن جائے۔ میرا سلام کہنا اور مبارک باد دینا خبردار بھول نہ جائیو!

تمہاری شکایت ہائے بے جا کا جواب یہ ہے کہ تم نے جو خط مجھ کو پانی پت سے بھیجا تھا اور کرنال کی روانگی کی اطلاع دی تھی۔ میں نے یہ تجویز کر لیا تھا۔ کہ جب کرنال سے خط آئے گا تو میں جواب لکھوں گا آج شنبہ ۱۵ر اکتوبر صبح کا وقت ہے۔ ابھی کھانا پکا بھی نہیں تبرید پی کر بیٹھا تھا کہ تمہارا خط آیا۔ اور پڑھا اور یہ جواب لکھا۔ کلیان بیمار ہے۔ ایاز کو خط دے کر ڈاک گھر روانہ کیا۔ بولو۔ تمہارا گلہ بے جا یا

بجا؟ بھائی گلہ کرو، تو اپنے سے کرو کہ تم نے کرنال پہنچ کر خط لکھنے میں کیوں دیر کی؟ اور ہاں یہ کیا ہے! کہ بہت دن سے نہ ان کی خیر و عافیت نہ ان کی بندگی؟ اگر وہ مجھ سے خفا ہیں۔ تو ان کی بندگی نہ لکھتے خیر و عافیت تو لکھتے؟ یہ باتیں اچھی نہیں۔

میرن صاحب کے باب میں حیران ہوں۔ تنہا تمہارے ساتھ گئے ہیں۔ والدہ ان کی پانی پت میں ہیں۔ وہاں کوئی مکان لے کر والدہ کو وہیں بلائیں گے یا خود بعد چند روز کے یہاں آجائیں گے۔ یہ دو باتیں جواب طلب ہیں۔ میر نصیر الدین کی بندگی نہ لکھنے کا سبب اور میرن صاحب کے بود و باش کی حقیقت لکھو۔ رہا میرا پنشن۔ اس کا ذکر نہ کرو۔ اگر ملے گا۔ تو تم کو اطلاع دی جائے گی۔

شہر کی آبادی کا چرچا ہوا۔ کرائے کو مکان ملنے لگے۔ چار سو پانسو گھر آباد ہوئے تھے کہ پھر وہ قاعدہ مٹ گیا۔ خدا جانے کیا دستور جاری ہوا ہے۔ آئندہ کیا ہوگا؟ سلطان العلماء مجتہد العصر مولوی سید سرفراز حسین کو اگرچہ بنظر ان کے مدارج علم و عمل پہ بندگی چاہیئے۔ مگر خیر میں عزیزداری و یگانگی کی راہ سے دعا لکھتا ہوں۔ میرن صاحب کو دعا اور بعد دعا کے بہت سا پیار۔ میر نصیر الدین کو دعا۔ زیادہ کیا لکھوں؟

(صبح شنبہ ۱۵؍اکتوبر ۱۸۵۹ء)

• واہ حضرت!

کیا خط لکھا ہے؟ اس خرافات کے لکھنے کا فائدہ؟ بات اتنی ہے۔ کہ میرا پلنگ مجھ کو ملا۔ میرا بچھونا مجھ کو ملا۔ میرا حمام مجھ کو ملا۔ میرا بیت الخلا مجھ کو ملا۔ رات کا وہ شور۔ کوئی آئیو — کوئی آئیو فرو ہو گیا۔ میری جان بچی۔ میرے آدمیوں کی جان بچی۔

"اکنوں شب من شب است و روزم روز است"

بھئی تم نے یہ نہ لکھا کہ میرن صاحب کو میرا خط پہنچا یا نہ پہنچا۔ میں گمان کرتا ہوں کہ نہیں پہنچا۔ اگر پہنچتا تو بے شک وہ تمہاری نظر سے گزرتا۔ اور میرن صاحب اس کی اصل حقیقت تم سے پوچھتے اور اس صورت میں یہ بھی ضرور تھا کہ تم اس واہیات کے بدلے مجھ کو وہ رُوداد لکھتے۔ جو میرن صاحب میں اور تم میں پیش آئی۔ پس اگر جیسا کہ میرا گمان ہے۔ خط نہیں پہنچا۔ تو خیر جانے دو۔ اگر خط پہنچا ہے۔ تو میرن صاحب کے خط کے جواب لکھوانے میں تم نے میرا ناک میں دم کر دیا تھا۔ اب ان سے میرے خط کے جواب کا تقاضہ کیوں نہیں کرتے؟ حسن بھی کیا چیز ہے۔ نادر کا اتنا خوف نہیں۔ جتنا حسین آدمی کا ڈر ہوتا ہے۔ تم ان سے خواہش وصال کرتے ہوئے ڈرو۔ میرے خط کے جواب کے باب میں کیوں نہیں کہتے۔ نہ صاحب۔ یہ کچھ بات نہیں۔ میرے خط کا جواب ان سے لکھوا کر بھجواؤ۔ یہاں کا حال وہ ہے۔ جو دیکھ گئے ہو۔ پانی گرم، ہوا گرم، تپش مستولی، اناج مہنگا۔ بے چارہ منشی میر احمد حسین کا بھتیجا یعنی میر امداد علی آشوب کا بیٹا۔ محمد میر شب گزشتہ کو گزر گیا۔ آج صبح کو اس کو دفن کر آئے، جوان صالح، پرہیزگار مومنین کا پیش نماز تھا۔ "انا للہ و انا الیہ راجعون"

مجتہد العصر کا حکم بجالاؤں گا۔ اور نہ رئیس کو بلکہ مدار المہام ریاست کو لکھوں گا۔ رئیس میرے سوال کا جواب قلم انداز کر جاتے گا۔ اور مدار المہام امر واقعی لکھ بھیجے گا۔

مجتہد العصر کو دعا کہنا۔ اور یہ خط پڑھا دینا۔ میرن صاحب کو دعا دینا اور کہنا کہ بھلا صاحب۔ تم نے ہمارے خط کا جواب نہیں لکھا۔ ہم بھی تمہاری طرز کا تتبع کریں گے۔ حکیم محمد اشرف علی کو دعا کہنا اور کہنا کہ اگر تم بھی ان میں راہ و رسم تعزیت و تہنیت ہو۔ تو میر احمد حسین کو خط لکھو اور یہ بھی ان کو معلوم ہو۔ کہ حفیظ یہاں آیا ہوا ہے۔ قبائل تمہارے یہیں ہیں۔ اگر وہاں کچھ رسائی حاصل ہو۔ تو خیر ورنہ یہاں کیوں چلے آؤ۔

میں بھولا نہیں تجھ کو اے میری جان
کروں کیا کہ یاں گر رہے ہیں مکان

برسات کا حال نہ پوچھو۔ خدا کا قہر ہے۔ قاسم جان کی گلی، سعادت خان کی نہر ہے۔ میں جس مکان میں رہتا ہوں۔ عالم بیگ خاں کے کٹڑے کی طرف کا دروازہ گر گیا۔ مسجد کی طرف کے دالان کو جاتے ہوئے۔ جو دروازہ تھا وہ گر گیا۔ سیڑھیاں گرا چاہتی ہیں۔ صبح کے بیٹھنے کا حجرہ جھک رہا ہے۔ چھتیں چھلنی ہو گئی ہیں۔ مینہ گھڑی بھر برسے تو چھت گھنٹہ بھر برسے۔ کتابیں۔ قلم دان سب توشے خانے میں فرش پہ کہیں لگن رکھا ہوا۔ کہیں چلپچی دھری ہوئی۔ خط کہاں بیٹھ کر لکھوں؟ چار پانچ دن سے فرصت ہے۔ مالک مکان کو فکر مرمت ہے۔ آج ایک امن کی صورت نظر آئی۔ کہا۔ کہ آؤ میر مہدی کے خط کا جواب لکھوں۔

الور کی ناخوشی۔ راہ کی محنت کشی۔ تپ کی حرارت۔ گرمی کی شرارت یاس کا عالم۔ کثرت اندوہ و غم۔ حال کی فکر، مستقبل کا خیال۔ تباہی کا رنج، آوارگی کا ملال۔ جو کچھ کہو وہ کم ہے۔ بالفعل تمام عالم کا ایک سا عالم ہے سنتے ہیں۔ کہ نومبر میں مہاراجہ کو اختیار ملے گا۔ مگر وہ اختیار ایسا ہوگا۔ جیسا خدا نے خلق کو دیا ہے۔ سب کچھ اپنے قبضۂ قدرت میں رکھا۔ آدمی کو بدنام کیا ہے۔ بارے رفع مرض کا حال لکھو۔ خدا کرے۔ تپ جاتی رہی ہو۔ تندرستی حاصل ہو گئی ہو۔ میر صاحب کہتے ہیں۔

تندرستی ہزار نعمت ہے

ہائے! پیش مصرع مرزا قربان علی بیگ سالک نے کیا۔ خوب بہم پہنچایا ہے۔ مجھ کو پسند آیا ہے۔

تنگ دستی اگر نہ ہو سالک
تندرستی ہزار نعمت ہے

مجتہد العصر میر سرفراز حسین کو دعا۔

ہا ہا ہا۔ میر افضل علی صاحب کہاں ہیں؟ حضرت یہاں تو اس نام کا کوئی نہیں ہے۔ لکھنو کے مجتہد العصر کے بھائی کا نام میرن صاحب تھا۔ جے پور کے مجتہد العصر کے بھائی میرن صاحب کیوں نہ کہلائیں۔ ہاں بھئی میرن صاحب! بھلا ان کو ہماری دعا کہنا۔

(صبح جمعہ ۲۶؍ستمبر ۱۸۶۲ء)

•

بے مے نہ کند در کفِ من خامہ روانی
سرد است ہوا آتشِ بے دود کجائی

میر مہدی! صبح کا وقت ہے جاڑا خوب پڑ رہا ہے۔ انگیٹھی سامنے رکھی ہوئی ہے۔ دو حرف لکھتا ہوں، آگ تاپتا جاتا ہوں۔ گرمی میں گرمی نہیں۔ مگر ہائے آتشِ سیال کہاں! کہ جب دو جرعے پی لیے۔ فوراً رگ و پے میں دوڑ گئی۔ دل توانا ہو گیا۔ دماغ روشن ہو گیا۔ نفسِ ناطقہ کو تواجد بہم پہنچا۔ ساقیِ کوثر کا بندہ اور تشنہ لب! ہائے غضب! ہائے غضب!

میاں تم پنشن پنشن کیا کر رہے ہو؟ گورنر جنرل کہاں اور پنشن کہاں؟ صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر، صاحب کمشنر بہادر، نواب لیفٹیننٹ گورنر بہادر، جب ان تینوں نے جواب دیا ہو تو اس کا مرافعہ گورنمنٹ میں کر دوں ہم تجھے تو دربار و خلعت کے لالے پڑے ہیں، تم کو پنشن کی فکر ہے۔ یہاں کے حاکم نے میرا نام فرد میں نہیں لکھا۔ میں نے اس کا اپیل نواب لیفٹیننٹ گورنر بہادر کے ہاں کیا۔ ع

دیکھیے کیا جواب آتا ہے

بہر حال جو کچھ ہو گا تم کو لکھا جائے گا۔

اجی، وہ یوسفِ ہند نہ سہی، یوسفِ دہر سہی، یوسفِ عصر سہی، یوسفِ کشور سہی، ان کی زلیخا نے ستم برپا کر رکھا ہے۔ مجھے تو خبر نہیں، کہیں حضرت کہہ گئے کہ میں ساڑھے سات روپے مہینا بھیجے جاؤں گا۔ اب ان کا تقاضا ہے۔ رحیم بخش روز آتا ہے اور کہتا ہے کہ پھوپھا جان کو لکھو کہ پھوپھی جان بھوکی مرتی ہیں، خرچ جلد بھیجے دو، ورنہ نالش کی جائے گی اور تم کو گواہ قرار دیا جائے گا۔ بہر حال میرن صاحب کو یہ عبارت پڑھوا دینا۔ سرفراز حسین کو دعا۔ یوسف ہفت کشور کو دعا۔

(۱۲، دسمبر ۱۸۵۹ء)

سید صاحب! اچھا ڈھکوسلا نکالا ہے۔ بعد القاب کے شکوہ شروع کر دینا اور میرن صاحب کو اپنا ہم زبان کر لینا۔ میں میر مہدی نہیں کہ میرن صاحب پر مرتا ہوں۔ میر سرفراز حسین نہیں کہ ان کو پیار کرتا ہوں۔ علیؑ کا غلام اور سادات کا معتقد ہوں۔ اس میں تم بھی آ گئے۔ کمال ہے کہ میرن صاحب سے محبت قدیم ہے۔ دوست ہوں، عاشق زار نہیں۔ بندۂ مہر و وفا ہوں، گرفتار نہیں۔ تمہارے بھائی نے سخت متشوش بلکہ نعل در آتش کر رکھا ہے۔ ایک سلام اصلاح کے واسطے بھیجا اور لکھا کہ بعد محرم کے میں بھی آؤں گا۔ میں نے سلام رہنے دیا اور منتظر رہا کہ ڈاک میں کیوں بھیجوں۔ وہ آئیں گے تو یہاں ان کو دوں گا۔ محرم تمام ہوا ہے۔ آج سہ شنبہ ہے حضرت کا پتہ نہیں۔ ظاہراً برسات نے آنے نہ دیا۔ برسات کا نام آ گیا۔ سو پہلے تو مجملاً سنو! ایک غدر کالوں کا۔ ایک ہنگامہ گوروں کا ایک فتنہ انہدام مکانات کا۔ ایک آفت وبا کی۔ ایک مصیبت کال کی اب یہ برسات جمیع حالات کی جامع ہے۔ آج اکیسواں دن ہے۔ آفتاب اس طرح نظر آ جاتا ہے جس طرح بجلی چمک جاتی ہے۔ رات کو کبھی کبھی اگر تارے دکھائی دیتے ہیں تو لوگ ان کو جگنو سمجھ لیتے ہیں۔ اندھیری راتوں میں چوروں کی بن آتی ہے۔ کوئی دن نہیں کہ دو چار گھر کی چوری کا حال نہ سنا جائے۔ مبالغہ نہ سمجھنا، ہزارہا مکان گر گئے۔ سیکڑوں آدمی جا بجا دب کر مر گئے۔ گلی گلی ندی بہہ رہی ہے۔ قصہ مختصر، وہ اَن کال تھا کہ مینہ نہ برسا، اناج نہ پیدا ہوا، یہ پن کال ہے۔ پانی ایسا برسا کہ بوئے ہوئے دانے بہہ گئے۔ جنہوں نے ابھی نہیں بویا تھا۔ وہ بونے سے رہ گئے۔ سن لیا دلی کا حال؟ اس کے سوا کوئی نئی بات نہیں ہے۔ جناب میرن کو دعا۔ زیادہ کیا لکھوں؟

(۲۹، جولائی — ۱۸۶۲ء)

میری جان!

تو کیا کہہ رہا ہے؟ "بنیے سے سیانا سو دیوانہ" صبر و تسلیم و توکل و رضا شیوہ صوفیہ کا ہے۔ مجھ سے زیادہ اس کو ن سمجھے گا۔ جو تم مجھ کو سمجھاتے ہو کیا میں یہ جانتا ہوں کہ ان لڑکوں کی پرورش میں کرتا ہوں؟ "استغفر اللہ لا موثر فی الوجود الا اللہ" یا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں شیخ چلی کی طرح سے یہ خیال باندھتا ہوں کہ مرغی مول لوں گا اور اس کے انڈے بیچ بیچ کر بکری خریدوں گا اور پھر کیا کروں گا اور آخر کیا ہو گا۔ بھائی! یہ تو میں نے اپنا راز دل تم سے کہا تھا کہ آرزو یوں تھی اور اب وہ نقش باطل ہو گیا۔ ایک حسرت کا بیان تھا، نہ خواہش کا۔

دیکھا اس پنشن قدیم کا حال؟ میں تو اس سے ہاتھ دھوئے بیٹھا ہوں۔ لیکن جب تک جواب نہ پاؤں، کہیں اور کیوں کر چلا جاؤں؟ حاکم اکبر کے آنے کی خبر گرم ہے۔ دیکھیے کب آئے؟ آئے تو مجھے دربار میں بلائے یا نہ بلائے! خلعت ملے یا نہ ملے؟ یہ بیچ میں ایک اور پیچ آپڑا ہے۔ اس کو دیکھ لوں اور پھر صرف اسی کا انتظار نہیں اس مرحلے کے طے ہونے کے بعد پنشن کے ملنے نہ ملنے کا تردد بدستور رہے گا۔ یک سیر کیونکر بن جاؤں کہ یہ سب امور ملتوی چھوڑ کر نکل جاؤں؟ پنشن جاری ہونے پر بھی تو سوا رام پور کے کہیں ٹھکانا نہیں ہے۔ وہاں تو جاؤں اور ضرور جاؤں، تین برس ثبات قدم اختیار کیا۔ اب انجام کار میں اضطراب کی کیا وجہ؟ چپکے ہو رہو اور مجھ کو کسی عالم میں غمگین اور مضطر گمان نہ کرو۔ ہر وقت جیسا مناسب ہوتا ہے ویسا عمل میں آتا ہے۔

صاحب! میرن صاحب نے دو سطریں دستخطِ خاص سے لکھی تھیں واللہ میں کچھ نہیں سمجھا کہ یہ کس مقدمے کا ذکر ہے۔

(یکم نومبر ۱۸۵۹ء)

؎ دیکھیو غالب مجھے اس تلخ نوائی میں معاف
آج کچھ درد میرے دل میں سوا اٹھتا ہے

بندہ پرور! تم کو پہلے یہ خط لکھا جاتا ہے۔ کہ میرے دوست قدیم میر کرم حسین صاحب کی خدمت میں میرا سلام کہنا اور یہ کہنا اب تک جیتا ہوں اور اس سے زیادہ میرا حال مجھ کو معلوم بھی نہیں۔ مرزا حاتم علی صاحب کی جناب میں میرا سلام کہنا اور یہ میرا شعر اپنی زبان سے پڑھ دینا۔

؎ شرط اسلام بود ورزش ایمان بالغیب
اے تو غائب نہ نظر، مہر تو ایمان منست

تمہارے پہلے خط کا جواب بھیج چکا تھا کہ اس کے دو دن یا تین دن

کے بعد دوسرا خط پہنچا۔

سفو صاحب! جس شخص کو جس شغل کا شوق ہو اور وہ اس میں بے تکلف عمر بسر کرے۔ اس کا نام عیش ہے۔ تمہاری توجہ فقط بہ طرف شعر و سخن کے تمہاری شرافتِ نفس اور حسنِ طبع کی دلیل ہے۔ اور جمال جو تمہاری سخن گستری ہے۔ اس کی شہرت میری بھی تو نام آوری ہے۔ میرا حال اس فن میں اب یہ ہے کہ شعر کہنے کی روش اور اگلے کہے ہوئے اشعار سب بھول گیا۔ مگر ہاں اپنے ہندی کلام میں سے ڈیڑھ شعر یعنی ایک مقطع اور ایک مصرعہ یاد رہ گیا ہے۔ سو گاہ گاہ جب دل الٹنے لگتا ہے۔ تب دس پانچ بار یہ مقطع زبان پر آجاتا ہے۔

شعر

؎ زندگی اپنی اسی ڈھب سے جو گزری غالبؔ
ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے

پھر جب سخت گھبراتا ہوں اور تنگ آتا ہوں تو یہ مصرعہ پڑھ کر چپ ہو جاتا ہوں۔

؎ اے مرگِ ناگہاں تجھے کیا انتظار ہے

یہ کوئی نہ سمجھے کہ میں اپنی بے رونقی اور تباہی کے غم میں مرتا ہوں۔ جو دکھ مجھ کو ہے۔ اس کا بیان تو معلوم۔ مگر اس ______ بیان کی طرف اشارہ کرتا ہوں۔ انگریز کی قوم میں سے جو ان روسیاہ کالوں کے ہاتھ سے قتل ہوئے اس میں کوئی میرا امید گاہ اور کوئی میرا شفیق اور کوئی میرا دوست اور کوئی میرا یار اور کوئی میرا شاگرد۔ ہندوستانیوں میں کچھ عزیز کچھ دوست، کچھ شاگرد، کچھ معشوق، سو وہ سب کے سب خاک میں مل گئے۔ ایک عزیز کا ماتم کتنا سخت ہوتا ہے۔ جو اتنے عزیزوں کا ماتم دار ہو۔ اس کو زیست کیوں کر نہ دشوار ہو؟

ہائے اتنے یار مرے کہ جو اب میں مروں گا تو میرا رونے والا بھی نہ ہوگا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔

(۱۸۵۸ء)

(منشی ہرگوپال تفتہ کے نام)

بہت سہی غمِ گیتی شراب کم کیا ہے
غلامِ ساقیِ کوثر ہوں مجھ کو غم کیا ہے
سخن میں خامۂ غالبؔ کی آتش افشانی
یقیں ہے ہم کو بھی، لیکن اب اس میں دم کیا ہے؟

"علاقہ محبتِ ازلی کو برحق مان کر اور پیوندِ غلامیِ جناب مرتضیٰ علیؓ کو سچ جان کر ایک بات اور کہتا ہوں کہ بینائی اگرچہ سب کو عزیز ہے مگر شنوائی بھی تو آخر ایک چیز ہے۔ مانا کہ روشناسی اسی کے اجا رے میں آئی ہے۔ یہ بھی دلیل آشنائی ہے۔ کیا فرض ہے کہ جب تک دید وادید نہ ہولے۔ اپنے کو بیگانۂ یک دگر سمجھیں؟ البتہ ہم تم دوست دیرینہ ہیں اگر سمجھیں! سلام کے جواب میں خط بہت بڑا احسان ہے۔ خدا کرے کہ وہ خط جس میں، آپ کو میں نے سلام لکھا تھا۔ آپ کی نظر سے گزر گیا ہو یعنی اگر نہ دیکھا ہو تو اب مرزا تفتہ سے لے کر پڑھ لیجیے گا اور خط کے لکھنے کے احسان کو اس خط کے پڑھ لینے سے دوبالا کیجیے گا۔

ہائے میجر جان جاکوب! کیا جوان مارا گیا ہے! سچ اس کا یہ شیوہ تھا۔ کہ اردو کی فکر کو مانع آتا اور فارسی زبان میں شعر کہنے کی رغبت دلواتا۔ بندہ نواز! یہ بھی انہیں میں سے ہے کہ جن کا میں ماتمی ہوں۔ ہزار ہا دوست مر گئے۔ کس کو یاد کروں؟ اور کس سے فریاد کروں جیوں تو کوئی غم خوار نہیں اور مروں تو کوئی عزا دار نہیں۔

غزلیں آپ کی دیکھیں۔ سبحان اللہ! چشمِ بد دور! اردو کی راہ کے تو سالک ہو۔ گویا اس زبان کے مالک ہو۔ فارسی بھی پایۂ خوبی میں کم نہیں۔ مشق شرط ہے۔ اگر کہے جاؤ گے۔ سلطنت پاؤ گے۔ میرا تو بہ قول طالب آملی اب یہ حال ہے۔

؎ لب از گفتن، چناں بستم کہ گوئی
دہن بر چہرہ زخمے بود بہ شد

جب آپ نے بغیر خط کے بھیجے (خط) مجھ کو لکھا ہے تو کیوں کر مجھ کو اپنے خط کے جواب کی نہ تمنا ہو؟ پہلے تو اپنا حال لکھیے کہ میں نے سنا تھا کہ آپ کہیں کے صدر امین ہیں۔ پھر آپ اکبر آباد میں کیوں خانہ نشین ہیں؟ اس ہنگامے میں آپ کی صحبت حکام سے کیسی رہی؟

راجہ بلوان سنگھ کا حال بھی لکھنا ضرور ہے کہ کہاں ہیں اور وہ دو ہزار روپیہ مہینہ جو ان کو سرکار انگریزی سے ملتا تھا اب بھی ملتا ہے یا نہیں: ہائے لکھنؤ! کچھ نہیں کھلتا کہ اس بہارستان پر کیا گزری؟ اموال کیا ہوئے؟ اشخاص کہاں گئے؟ خاندان شجاع الدولہ کے زن و مرد کا انجام کیا ہوا؟ کعبہ حضرت مجتہد العصر کی سرگزشت کیا ہے؟ گمان کرتا ہوں کہ بہ نسبت میرے تم کو کچھ زیادہ آگہی ہوگی۔ امیدوار ہوں کہ جو آپ پر معلوم ہے وہ مجھ پر مجہول نہ رہے۔

پتہ مسکن مبارک کا کشمیری بازار سے زیادہ معلوم نہیں ہوا۔ ظاہرا اسی قدر کافی ہوگا ورنہ آپ زیادہ لکھتے۔ مرزا تفتہ کو دعا کہیے گا۔ اور ان کے اس خط کے پہنچنے کی اطلاع دیجیے گا۔ جس میں آپ کے خط کی انہوں نے نوید لکھی تھی۔ والسلام:

مرزا حاتم علی مہر کے نام (جولائی ۱۸۵۸ء)

بندہ پرور!

"آپ کا مہربانی نامہ آیا۔ آپ کی مہر انگیز اور محبت آمیز باتوں نے غم بے کسی بھلایا۔ کہاں دھیان لڑا ہے۔ کہاں سے "دستنبو" کی مناسبت کے واسطے "ید بیضا" ڈھونڈ نکالا ہے۔ آفریں! صد ہزار آفریں! تیسرا مصرع اگر یوں ہو تو فقیر کے نزدیک بہت مناسب ہے ؏

نامہ خود سال خویش داد نشاں

مرزا تفتہ کا خط ہاترس سے آیا۔ ان کے لڑکے بالے اچھے ہیں۔ آپ گھبرائیں نہیں۔ وہ آئے کہ آئے ہیں۔ اگر تمہیں بغیر ان کے آرام نہیں تو ان کو بغیر تمہارے چین کہاں؟

صاحب بندہ! اثنا عشری ہوں۔ ہر مطلب کے خاتمے پر بارہ کا ہندسہ لکھا کرتا ہوں۔ خدا کرے کہ میرا بھی خاتمہ اسی عقیدے پر ہو۔ ہم تم ایک

آقا کے غلام ہیں۔ تم جو مجھ سے محبت کرو گے یا میری غم گساری میں محنت کرو گے۔ کیا تم کو غیر جانوں جو تمہارا احسان مانوں؟ تم سراپا مہر و وفا ہو۔ واللہ اسم با مسمے ہو۔

مبالغہ اس کتاب کی تصحیح میں اس واسطے کرتا ہوں کہ عبارت کا ڈھنگ نیا ہے۔ صحیح کا درست پڑھنا بڑی بات ہے۔ اگر غلط ہو جائے تو پھر وہ عبارت نری خرافات ہے۔ بارے بہ سبب التفات بھائی منشی نبی بخش صاحب کے صحت الفاظ سے خاطر جمع ہے۔ متوقع ہوں کہ وہ تکلیف سہیں اور ختم کتاب تک متوجہ رہیں۔ منشی شیو نرائن صاحب نے کاپی میرے دیکھنے کو بھیجی تھی۔ سب طرح میرے پسند آئی۔ چنانچہ ان کو لکھ بھیجا ہے۔ اگر ہو سکے تو سیاہی ذرا اور بھی رنگت کی اچھی ہو۔

حضرت! چار جلدیں یہاں کے حکام کو دوں گا اور دو جلدیں ولایت کو بھیجوں گا۔ اللہ! اللہ! کیا غفلت ہے اور کیا اعتماد ہے زندگی پر۔ بہرحال یہ ہوس تھی اور شاید اب بھی ہو کہ اب چھ جلدوں کی کچھ تزئین و آرائش کی جائے۔ آپ اور بھائی صاحب اور ان کا فرزند رشید منشی عبد اللطیف اور منشی شیو نرائن، یہ چاروں صاحب فراہم ہوں اور یہ اجلاس کونسل یہ امر تجویز کیا جاوے کہ کیا کیا جائے۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ چار جلدیں چھ روپے میں اور دو جلدیں چھ روپے میں تیار ہوں۔ پھر سوچتا ہوں کہ یارب آرائش کی گنجائش کہاں! ناچار چار کتابوں کی جلد ڈیڑھ ڈیڑھ روپے کی اور دو کتابوں کی جلد تین تین روپے کی بنائی جائے۔ قصہ مختصر کچھ کیا جائے یا یہی کہہ دیا جائے کہ تیری رائے کونسل میں مقبول اور صرف جلدوں کی تیاری منظور ہوئی۔ بارہ روپے بھیج دے۔

مطالب اور مقاصد تمام ہوئے اور ہم تم بزبانِ قلم باہم دگر ہم کلام ہوئے۔

مرزا حاتم علی مہر کے نام
(ستمبر ۱۸۵۸ء)

مرا بہ سادہ دلی ہائے من تواں بخشید
خطا نمودہ ام و چشم آفریں دارم

کل دوشنبہ کا دن ۲۰؍ ستمبر کی تھی۔ صبح کو میں نے آپ کو شکایت نامہ لکھا اور بیرنگ ڈاک میں بھیج دیا۔ دوپہر کو ڈاک کا ہرکارہ آیا۔ ایک تمہارا اور ایک مرزا تفتہ کا خط لایا۔ معلوم ہوا کہ جس خط کا جواب میں آپ سے مانگتا ہوں، وہ نہیں پہنچا۔ کچھ شکوے سے شرمندگی اور کچھ خط کے نہ پہنچنے سے حیرت ہوئی۔ دوپہر ڈھلے مرزا تفتہ کے خط کا جواب لکھ کر ٹکٹ لگانے لگا۔ بکس میں سے وہ تمہارے نام کا خط نکل آیا۔ اب میں سمجھا کہ خط لکھ کر بھول گیا ہوں اور ڈاک میں نہیں بھیجا۔ اپنے نسیان کو لعنت کی اور چپ ہو رہا۔ متوقع ہوں کہ میرا قصور معاف ہو۔ بعد چاہنے عفو جرم کے آپ کے کل کے خط کا جواب لکھتا ہوں۔

سبحان اللہ! جلدوں کی آرائش کے باب میں کیا اچھی فکر کی ہے۔ میرے دل میں بھی ایسی ہی باتیں تھیں۔ یقین ہے کہ متاع شاہوار ہو جائیں گی۔ ابادہ اگر ہو جائے گا تو حرف خوب چمک جائیں گے۔ اس کا خیال ان چار جلدوں میں بھی رہے۔ بارہ روپے کی ہنڈوی پہنچتے ہی روپیہ وصول کر کے مجھ کو اطلاع دیجیے گا۔ ورنہ میں متشوش رہوں گا۔

حضرت یہاں دو خبریں مشہور ہیں۔ ان کی میں آپ سے تصدیق چاہتا ہوں۔ ایک تو یہ کہ لوگ کہتے ہیں، آگرے میں اشتہار جاری ہو گیا ہے اور ڈھنڈورا پٹ گیا ہے کہ کمپنی کا ٹھیکہ ٹوٹ گیا اور بادشاہی عمل ہندوستان میں ہو گیا۔ دوسری خبر یہ ہے کہ کلکتے کے چیف سکمیٹر، اکبر آباد کے لفٹیننٹ گورنر ہو گئے۔ خبریں دونوں اچھی ہیں۔ خدا کرے سچ ہوں اور سچ ہونا ان کا آپ کے لکھنے پر منحصر ہے۔

اس خط کو میں لکھ کر بند کر چکا تھا کہ ڈاک کا ہرکارہ میرے مشفق منشی شیو نرائن صاحب کا خط لایا۔ بارے قصیدے کا مسودہ پہنچ گیا اور منشی صاحب نے اس کا چھاپنا قبول کیا۔ یہ تشویش بھی رفع ہو گئی۔ اب ان سے میرا سلام کہیے گا۔ اور یہ ان کو اطلاع دیجیے گا کہ اخبار کا لفافہ ہرگز مجھ کو نہ پہنچا۔ ورنہ کیا امکان کہ میں اس کی رسید نہ لکھتا۔

مرزا حاتم علی مہر کے نام
(۳۰؍ ستمبر ۱۸۵۸ء)

مرزا اسد اللہ خان غالب کے سوانح، حالاتِ زندگی، ان کی اردو اور فارسی نثر، ان کے دیباچے، تقریظیں، فارسی میں ان کی غزل کے نمونے اور ان پر انتقاد ممتاز نقادانِ اردو ادب کے حوالوں سے پیش کیے گئے۔ ساتھ ہی ساتھ ان کے اپنے خطوط منتخب کر کے درج کیے گئے جن سے غدر کے دوران اور بعد کے زمانے کے حالات سے آگاہی ہوتی ہے اور اس حقیقت سے بھی پردہ اٹھتا ہے کہ مرزا غالب کا خود جنگ آزادی کے بارے میں کیا رویہ تھا۔

حج کے بارے میں ملک کے معروف ادیب
جناب ممتاز مفتی کا ایک خوبصورت
سفرنامہ

لبیک
(دو حصوں میں)

روشن کتابوں میں شائع ہو گیا ہے

آج ہی

اپنے قریبی بکسٹال / ہاکر سے طلب فرمائیں!
قیمت حصہ اول ۳/۵۰ روپے
قیمت حصہ دوم ۳/۵۰ روپے

مطبوعات شیخ غلام علی
ادبی مارکیٹ، چوک انارکلی، لاہور

روشن کتابیں